# DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

DGPR BALOCHISTAN

حکومت بلوچستان

مورخہ: 10-05-2025

## DGPR NEWS PAPER CLIPPINGS

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | حکومتی اداروں کواحتساب وشفافیت کوترجیح دینی ہوگی، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | ژوب سے پی آئی اے کی پروازیں دوبارہ شروع کی جائیں، بلوچستان اسمبلی بارڈرٹریڈاورپشین کوڈویژن بنانے کی قراردادیں نمٹادی گئیں۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے سکریننگ ٹیسٹ کوفروغ دیا جائے گا، وزیرصحت۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | بھارت ناکام حملوں کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہے، صادق عمرانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | روزگار کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، پارلیمانی سیکرٹری بہبودآبادی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | پاک فضائیہ نے بھارت کوذلت امیزشکست سے دوچارکیا، راحیلہ درانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | پولیو کے خاتمے کے لیے حکومت جنگی بنیادوں پراقدامات کررہی ہے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | نوجوان مستقبل میں ڈیجیٹل بلوچستان کی باگ دوڑ سنبھال لیں گے، بلال کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کوئٹہ کے باسیوں کی خدمت ہمارااولین فرض ہونا چاہیے، ہے ڈپٹی کمشنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | بلاک شناختی کارڈز کا معاملہ سپیکر کی رولنگ، پرڈی جی نادرہ طلب۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | منگچر سے اغوا کیے گئے چار پولیس اہلکار رہا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بدعنوانی کی شکایت اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کوبھیجی جائیں گی، صوبائی محتسب۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | چمن منشیات کے عادی افراد کے خلاف کریک ڈاؤن 200 گرفتار۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | پولیو کے خاتمے کے لیے مل کرکام کرنا، ہوگا جہانزیب شیخ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | لسبیلہ اورحب کی سرکاری املاک پربااثرافرادقابض. | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | مولانا فضل الرحمٰن کی ہدایت پرصوبے بھرمیں یوم دفاع منایا گیا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | موجودہ حالات کے ذمہ دار مسلط نمائندے ہیں، پشتونخواہ میپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | صرف اعلانات اوردعوؤں سے قومی یکجہتی ممکن نہیں، ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | رات کی تاریکی میں بھارتی حملہ بزلانہ اقدام، صوبائی خطیب۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 20 | بلوچستان کے نوجوان مواقع نہ ملنے پرپیچھے رہ گئے نواب زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 21 | بلوچستان سمیت ملک بھرمیں بھارتی جارحیت پاک فوج سے اظہاریکجہتی کے لیے ریلیاں۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

پنجگور مسلح افراد کا پولیس تھانہ وشبود پرحملہ دوسرکاری گاڑیاں نظرآتش، ژوب غیرت کے نام پرمیاں بیوی قتل ملزمان فرار، بیلہ اوتھل میں مسلح افراد کی فائرنگ 3 افراد ہلاک 1 شدیدزخمی، چکی شاہوانی کے قریب معمولی تکرارپرفائرنگ، دوافراد ہلاک، قلات تین گینگ کے سرغنہ سمیت متعددملزمان گرفتار، ڈھاڈر مسلح افراد کی بے نظیرانکم سپورٹ پروگرام کے دفترمیں لوٹ مار۔

## DGPR NEWS PAPER CLIPPINGS

**مسائل :**

گھی، بجلی، گیس، روٹی کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ریسٹورنٹ مالکان کی لوٹ مار جاری شہری۔

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاک فوج کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے جو بھی پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھے گا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا گذشتہ شب بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز حملہ کیا جس کی میں پرزور مذمت کرتا ہوں پاک فوج اور پاک فضائیہ نے بھارتی لڑاکا طیاروں کو کامیابی سے مار گرایا اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے زیراہتمام رائزنگ بلوچستان اینڈ یوتھ انویشنز کے عنوان سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بھارت دہشت گردانہ عزائم رکھنے والا ملک ہے جو بلوچستان میں بھی دہشت گرد تنظیموں کو سپورٹ کرتا ہے بلوچستان کے عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری اور مواقعوں کی سرزمین ہے اور یہاں کے کل کے جدید دور قدرتی وسائل ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں اپنی جانب راغب کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ میں وقت کے ساتھ جدت آئی ہے اور آج کل کے جدید دور میں ڈیجیٹل پر یس کا کردار مزید بڑھ گیا ہے انہوں نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کے ذریعے صوبے کے مثبت عکس کو اجاگر کریں اور اپنی توانائیوں کو مثبت اور تعمیری انداز میں صوبے کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لیے استعمال کریں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بہت جلد ڈیجیٹل میڈیا پالیسی لا رہی ہے تا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا صوبے کی تعمیر وترقی اور پیشہ ورانہ استعمال ہو سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے کے ڈویلپمنٹ کا بجٹ 200 ارب روپے ہیں جو کہ صوبے کے رقبے کے حساب سے یقیناً قلیل ہیں لیکن موجودہ صوبائی حکومت ڈیولپمنٹ کے لیا مختص تمام صوبائی بجٹ کا بطریق احسن استعمال کر رہی ہے اور رواں سال جون تک تمام ترترقیاتی بجٹ استعمال میں لایا جائے گا۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Modifying in agri-sector" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات**" کے عنوان سے نیک محمد کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**کھلی کچہریوں کا انعقاد اور عوامی مسائل**" کے عنوان سے اختر مینگل کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان


## حکومتی اداروں کو احتساب و شفافیت کو ترجیح دینی ہوگی، گورنر

**وفاقی محتسب کا ادارہ کمزور و غریب کو سستا انصاف فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، سرور بروہی سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کا ادارہ صوبے میں معاشرے کے سب سے کمزور اور غریب لوگوں کو سستا انصاف فراہم کرنے اور ان کی شکایات کا ازالہ کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ادارے کے فریم ورک کو مضبوط اور وسیع بنانے کیلئے بلوچستان کے ڈویژنوں میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا قیام ضروری ہے جو قابل رسائی اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے، ذہن نشین رہے کہ چیک اینڈ بیلنس کا ایک مضبوط نظام ہی کارکردگی کے معیار اور مقدار کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے وفاقی محتسب کے بلوچستان میں ریجنل آفس کے ہیڈ سرور براہوی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر جعفر مندوخیل نے کہا کہ پائیدار ترقی اور خوشحالی کیلئے تمام حکومتی اداروں کو احتساب، شفافیت اور ذمہ داری کو ترجیح دینی ہوگی، انہوں نے کہا کہ ہم صوبے میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس سمیت تمام متعلقہ اداروں کی بروقت انصاف کی فراہمی میں انتھک کوششوں کو سراہتے ہیں۔ انصاف کی فراہمی کے عمل مزید موثر بناتے ہوئے سرکاری افسران اور ملازمین کیلئے صلاحیت سازی کے اقدامات ضروری ہیں جو ایک شفاف اور مربوط نظام کو فروغ دینے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر توجہ مرکوز کرتے ہیں۔ قبل ازیں گورنر کو ادارے کی جانب سے ماہوار بلیٹن اور سالانہ رپورٹ 2024 پیش کی گئی۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے صدر ن لیگ سریاب ٹاؤن مصلح الدین کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل کو ریجنل ڈائریکٹر وفاقی محتسب سرور بروہی سالانہ رپورٹ پیش کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل کو آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے سردار عبدالرحمان کھیتران اور شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں




کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل بلوچستان سپر لیگ کے فائنل کرکٹ میچ میں ونر ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## ترقی اور خوشحالی کیلئے احتساب، شفافیت کا نظام ناگزیر ہے، گورنر

**تمام ڈویژنوں میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا قیام بہت ضروری ہے، سرور براہوی سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ صوبے میں معاشرے کے سب سے کمزور اور غریب لوگوں کو سستا انصاف........ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

فراہم کرنے اور ان کی شکایات کا ازالہ کرنے میں ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ مذکورہ ادارے کے فریم ورک کو مضبوط اور وسیع بنانے کیلئے بلوچستان کے ڈویژنوں میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا قیام بہت ضروری ہے جو قابل رسائی اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔ ذہن نشین رہے کہ چیک اینڈ بیلنس کا ایک مضبوط نظام ہی کارکردگی کے معیار اور مقدار کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں وفاقی محتسب کے بلوچستان میں ریجنل آفس کے ہیڈ سرور براہوی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو ریجنل ڈائریکٹر وفاقی محتسب سرور براہوی سالانہ رپورٹ 2024 پیش کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور کمانڈر 12 کور بھی موجود ہیں

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 54 ہفتہ 12 ذیقعد 1446ھ 10 مئی 2025ء نمبر 128


# ژوب سے پی آئی اے کی پروازیں دوبارہ شروع کی جائیں، بلوچستان اسمبلی

## بارڈر ٹریڈ، پشین کو ڈویژن بنانے کی قراردادیں نمٹادی گئیں

### بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے کمیٹی بنائینگے، وزیراعلیٰ بگٹی، نائب تحصیلداروں کی اسامیوں کو محکمہ بورڈ آف ریونیو کے ذریعے پر کرنیکی قرارداد آئندہ اجلاس تک ملتوی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے ژوب ایئرپورٹ سے ملک کے دیگر شہروں کے لئے پی آئی اے کی پروازیں دوبارہ شروع کرنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔ پشین کو ڈویژن بنانے اور بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے قراردادیں وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر نمٹادی گئیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 25 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن فضل قادر مندوخیل نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ژوب ایئرپورٹ جو طویل عرصے سے قائم ہے جہاں سے لوگ کوئٹہ اور ملک کے دیگر شہروں کے لئے سفر کرتے تھے لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا پر ژوب ایئرپورٹ سے ایک طویل عرصہ سے پی آئی اے کی پروازوں کا سلسلہ معطل ہے اور اب شنید میں آیا ہے کہ ایئرپورٹ سے پروازوں کا سلسلہ بحال کرنے کی بجائے ژوب میں قائم پی آئی اے کے دفتر کو بھی بند کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں میں اضطراب اور بے چینی پائی جارہی ہے، چونکہ ضلع ژوب اور شیرانی کے لوگوں کی اکثریت خلیجی ممالک میں روزگار کے سلسلے میں مقیم ہے، وطن عزیز واپسی پر کراچی اور ملک کے دیگر شہریوں سے طویل اور تکلیف دہ سفر طے کرنے کے بعد اپنے گھروں کو پہنچتے ہیں لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ ژوب ایئرپورٹ پر قائم پی آئی اے کے دفتر کو ختم کرنے کے ارادے کو فوری ترک اور ژوب ایئرپورٹ سے ملک کے دیگر شہروں کے لئے حسب سابق پی آئی اے کی ہفتہ وار پروازیں شروع کرنے کو یقینی بنائے، ایوان نے قرارداد منظور کرلی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمٰن بلوچ نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں بے روزگاری کی شرح بہت زیادہ ہے اور صوبائی حکومت اپنے وسائل سے صوبے کے جتنے نوجوانوں کو ملازمت فراہم کررہی ہے ان کی تعداد نہ ہونے کی برابر ہے، بلاشبہ بارڈر کے روزگار سے لاکھوں لوگوں کا ذریعہ معاش وابستہ ہے، چمن سے لے کر گوادر تک ایک اندازے کے مطابق 25 سے 30 لاکھ افراد بارڈر کے کاروبار سے منسلک ہیں اور اس کے ساتھ افغانستان و ایران کے لوگوں کی نہ صرف بلوچستان کے ساتھ ہمسائیگی ہے بلکہ ان کے آپس میں رشتہ داریاں بھی ہیں اور ان کا غم و خوشی کے مواقع پر آنا جانا معمول کی بات ہے لیکن پابندیوں کی وجہ سے انکی رشتہ داریاں بھی متاثر ہوچکی ہیں، یہ ایوان حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ صوبے کے بارڈر ایریاز کے غریب عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر وفاقی حکومت کے ساتھ اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے، چمن سے لے کر گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولے جائیں، بارڈر پر ای ٹیگ اور ٹوکن کی بجائے شناختی کارڈ کے ذریعہ روزگار کی اجازت دی جائے، ایران کے بارڈر سے اشیاء خوردونوش لانے کی اجازت دی جائے۔ بارڈر پر رہنے والوں کو خوشی اور غم کے موقع پر راہداری کے ذریعے آنے جانے کی اجازت دی جائے، قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان کے حالات خراب ہونے میں بے روزگاری اہم سبب ہے، اگر حکومت نوجوانوں کو روزگار فراہم نہیں کرسکتی تو اسے بارڈر بند کرنے کا بھی حق نہیں، پہلے لوگوں کو متبادل روزگار فراہم کیا جائے پھر بارڈر بند کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کا مقدمہ اسلام آباد میں وفاق سے سامنے لڑے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ہم اس کو کاروبار اور حکومت اسمگلنگ قرار دیتی ہے، بیس لاکھ لوگ سرحدی تجارت سے منسلک ہیں، ڈیڑھ ماہ سے تربت بارڈر بند ہے، میں نے سرحدی تجارت سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف اور دیگر ذمہ داروں سے بھی بات کی ہے۔ صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ ریاست کا نظام ٹیکس سے چلتا ہے، دنیا میں کہیں یہ تصور نہیں کہ سرحد کو کھول دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر سرحدی علاقوں کو تجارت کی اجازت دی جائے تو صوبے کے دیگر علاقے کے لوگ کیا کریں گے، تیل کی اسمگلنگ سے ملنے والے پیسہ کا بھتہ مزاحمت کار کو جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرحدی علاقوں کی بارڈر مینجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، غیرقانونی ٹریڈ کی حوصلہ شکنی کرنی پڑے گی، گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کی نشاندہی کریں انہیں گرفتار کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن نے کئی بار اس مسئلہ پر بحث کی اس کو قرارداد کی صورت میں منظور کرنے کی بجائے اس کے حل کیلئے کوشش کریں گے اور بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے کمیٹی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر قرارداد نمٹادی گئی۔ جمعیت کے رکن ظفر علی آغا نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پشین بہت بڑی آبادی پر مشتمل ضلع ہے لیکن ڈویژنل ہیڈکوارٹر نہ ہونے کی بنا پر علاقے کے لوگ چھوٹے چھوٹے کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں چونکہ ضلع پشین کے عوام کی اکثریت غریب آبادی پر مشتمل ہے اور وسائل نہ ہونے کی بناء پر انہیں کوئٹہ آنے جانے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہٰذا ضلع پشین کے عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر یہ ایوان حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ ضلع پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے۔ جمعیت کے رکن اصغر علی ترین نے کہا کہ پشین کو تین اضلاع میں تقسیم کرکے ڈویژن کا درجہ دیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ زیادہ سے زیادہ انتظامی یونٹس بنانے کے حامی ہیں تاہم بجٹ آڑے آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشین کے دورہ کے موقع پر برشور کے لوگوں نے اپنا اختیار مجھے دیا ہے، کاریزات اور پشین کے لوگ اپنا اختیار دیں، انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ حکومت پشین کو ڈویژن بنانے پر غور کررہی ہے لہٰذا مذکورہ قرارداد کو نمٹادیا جائے، بعد ازاں اسپیکر نے وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر قرارداد کو نمٹانے کی رولنگ دی۔ اجلاس میں جمعیت کے رکن زابد ریکی نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ تعلیم کی توجہ مبذول کراتے ہوئے استفسار کیا کہ حکومت بلوچستان نے بجٹ سال 2024-25 میں ضلع واشک میں کالجوں کے قیام سے متعلق بسیمہ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے لئے مختص شدہ بجٹ جاری کرنے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں اگر بجٹ جاری نہیں کیا گیا تو بجٹ جاری نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔ اسپیکر نے وزیر تعلیم کی ایوان میں عدم موجودگی پر توجہ دلاؤ نوٹس آئندہ اجلاس تک کیلئے موخر کردیا۔ اجلاس میں ہدایت الرحمٰن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ آئی ٹی کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ گوادر سیف سٹی پراجیکٹ کی منظوری کئی سال قبل ہوچکی لیکن تاحال اس پر کام شروع نہیں ہوسکا جس کی وجہ سے یہ اہم منصوبہ تاحال تعطل کا شکار ہے، اب تک گوادر سیف سٹی پراجیکٹ پر کام شروع نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں نیز مذکورہ پراجیکٹ پر کب تک کام شروع ہوگا اس پر کل کتنے اخراجات آئیں گے اور یہ پراجیکٹ کس کمپنی کو ایوارڈ ہوا ہے ان کی تفصیل فراہم کی جائے، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج کی یقین دہانی پر اسپیکر نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹانے کی رولنگ دی۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری محکمہ کھیل مینا مجید نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں مجھ پر 30 کروڑ کی کرپشن کا الزام لگایا گیا یہ الزام میرا نام لے کر لگایا گیا جس سے میرا استحقاق مجروح ہوا، اس معاملے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ محکمے میں فنڈز بلوچستان اسپورٹس بورڈ اور متعلقہ کمیٹیوں کی سفارش پر دیئے جاتے ہیں اور فنڈز دینے کا فیصلہ کمیٹی کرتی ہے کسی کی درخواست پر رقم نہیں دے سکتے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ کھیل نے رکن اسمبلی زابد علی ریکی کو واشک میں کھیلوں کیلئے 20 لاکھ کا فنڈ دیا مگر آج دن تک وہ ایونٹ نہیں ہوسکا اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہئے۔ جمعیت کے رکن زابد ریکی نے کہا کہ مذکورہ فنڈز واشک کو نہیں بلکہ خاران کو دیئے گئے، میں دو ماہ سے شعیب نوشیروانی اور مینا مجید سے کہتا رہا ہوں کہ خاران میں فائنل میچ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں پیش آنے والے واقعے پر میں نے وزیراعلیٰ کو اپنا اختیار سونپا ہے۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں جو کچھ ہوا اس پر میں نے ارکان اسمبلی لیاقت علی لہڑی اور علی مدد جتک کے سامنے مینا مجید سے معذرت کرکے اس معاملے کو ختم کردیا تھا جب ایک مسئلہ ختم ہوگیا تو اس کو دوبارہ اٹھانا زیادتی ہے اگر خاتون رکن کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں دوبارہ اسمبلی فلور پر معزز رکن کی جانب سے معذرت کرتا ہوں، اسمبلی کے اندر گرما گرمی ہوجاتی ہے اپوزیشن کا کام ہی تنقید کرنا ہے، ان کے پاس اسمبلی واحد فورم ہے حکومتی ارکان کو تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔ اجلاس کی صدارت کرنے والے پینل آف چیئرپرسن کے رکن زابد علی ریکی نے نائب تحصیلداروں کی خالی اسامیوں کو محکمہ بورڈ آف ریونیو کے ذریعے پر کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنانے کی قرارداد آئندہ اجلاس تک موخر کردیا۔ اجلاس میں پینل آف چیئرپرسن کے رکن زابد ریکی نے پیر 5 مئی کی نشست میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی جانب سے موصول شدہ رپورٹ بر بلوچستان ہاؤس اسلام آباد و کراچی پر مجموعی عام بحث کیلئے ارکان اسمبلی کے نام طلب کئے جس پر وزیراعلیٰ نے پینل آف چیئرپرسن کے رکن سے استدعا کی کہ اس پر اسمبلی میں عام بحث کی بجائے جس رکن کو تحفظات ہیں وہ مجھے آگاہ کریں اس پر اپوزیشن اور حکومت کی کمیٹی بنائی جائے گی۔ بعدازاں اجلاس 21 مئی تک ملتوی کردیا گیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے رکن اسمبلی اصغر ترین بات چیت کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 12 ذیقعد 1446ھ 10 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 312

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# اسمبلی اجلاس میں متعدد قراردادیں منظور بارڈر مینجمنٹ وفاق کے پاس آن سے بات ضرور کرینگے سرفراز بگٹی

سرحدوں پر رہنے والوں کو ملنے میں مسائل کا سامنا' بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی جائیگی جو مسئلے کا حل تلاش کرے، سرفراز بگٹی

مینا مجید قندز کا مسئلہ دوبارہ ایوان میں لاکر زیادتی کررہی ہیں اگر انکی تسلی نہیں ہوئی تو میں معذرت خواہ ہوں' وزیراعلیٰ کا اسمبلی اجلاس سے خطاب



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے ژوب سے ملک کے دیگر شہروں کیلئے قومی ایئر لائن کی ہفتہ وار پروازیں شروع کرنے کی قرارداد منظور کرلی جبکہ پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے اور چمن سے گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولنے، شناختی کارڈ کے ذریعہ روزگار کرنے، ایران بارڈر سے اشیاء خورد ونوش لانے کی اجازت دینے سے متعلق الگ الگ قراردادیں حکومتی یقین دہانی پر نمٹا دی گئیں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی فضل قادر مندوخیل نے ژوب سے ملک کے دیگر شہروں کیلئے حسب سابق......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کی ہفتہ وار پروازیں شروع کرنے کی قرارداد منظور کرلی گئی جبکہ جمعیت علماء اسلام کے سید ظفر علی آغا پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے اور جماعت اسلامی کی ہدایت الرحمن بلوچ چمن سے گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولنے، شناختی کارڈ کے ذریعہ روزگار کرنے، ایران بارڈر سے اشیاء خورد ونوش لانے کی اجازت دینے اور مقامی لوگوں کو خوشی وغم کے موقع پر راہداری کے ذریعے آنے جانے کی اجازت دینے سے متعلق قراردادیں وزیر اعلیٰ بلوچستان کی یقین دہانی پر نمٹا دی گئیں اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی ضلع واشک میں کالجوں کے قیام کیلئے بجٹ جاری نہ ہونے سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس وزیر تعلیم کی عدم موجودگی کی وجہ سے موخر کردیا گیا۔ جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمان بلوچ گوادر سیف سٹی پراجیکٹ پر کام شروع نہ ہونے کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا جبکہ وقفہ سوالات میں محکمہ صحت سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے دیئے جس کے بعد صوبائی اسمبلی کا اجلاس 21 مئی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ] حکومت بلو[چستان]

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

SATURDAY, MAY 10, 2025

Bullet No. 1

Page No. 3

بلوچستان اسمبلی

# ژوب سے پی آئی اے کی پروازیں دوبارہ شروع کرنے کی قرارداد منظور

## پشین کو ڈویژن کا درجہ، چمن سے گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولنے کی قراردادیں، وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر نمٹادی گئیں

## غیرقانونی بارڈر ٹریڈ کی حوصلہ شکنی کرنی پڑے گی، گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کی نشاندہی کریں، گرفتار کرینگے، وزیراعلیٰ



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہارخیال کررہے ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے ژوب ایئرپورٹ سے ملک کے دیگر شہروں کے لئے پی آئی اے کی پروازیں دوبارہ شروع کرنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

کرلی جبکہ پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے اور چمن سے گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولنے، شناختی کارڈ کے ذریعہ روزگار کرنے، ایران بارڈر سے اشیاء خوردونوش لانے کی اجازت دینے سے متعلق الگ الگ قراردادیں وزیراعلیٰ بلوچستان کی یقین دہانی پر نمٹادی گئیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 25 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا، اجلاس میں جمعیت کے رکن فضل قادر مندوخیل نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ژوب ایئرپورٹ جو طویل عرصے سے قائم ہے جہاں سے لوگ کوئٹہ اور ملک کے دیگر شہروں کے لئے سفر کرتے تھے لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا ژوب ایئرپورٹ سے ایک طویل عرصہ سے پی آئی اے کی پروازوں کا سلسلہ معطل ہوچکا ہے اور اب شنید میں آیا ہے کہ ژوب ایئرپورٹ سے پروازوں کا سلسلہ بحال کرنے کی بجائے ژوب میں قائم پی آئی اے کے دفتر کو بھی بند کیا جارہا ہے۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمٰن بلوچ نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں بے روزگاری کی شرح بہت زیادہ ہے اور صوبائی حکومت اپنے وسائل سے صوبہ کے جتنے نوجوانوں کو ملازمت فراہم کررہی ہے ان کی تعداد نہ ہونے کی برابر ہے، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ہم اس کو کاروبار اور حکومت اسمگلنگ قرار دیتی ہے بیس لاکھ لوگ سرحدی تجارت سے منسلک ہیں ڈیڑھ ماہ سے تربت بارڈر بند ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سرحدی علاقوں کی بارڈر مینجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، غیرقانونی ٹریڈ کی حوصلہ شکنی کرنی پڑے گی، گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کی نشاندہی کریں انہیں گرفتار کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ زیادہ سے زیادہ انتظامی یونٹس بنانے کے حامی ہیں تاہم بجٹ آڑے آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشین کے دورہ کے موقع پر بر شور کے لوگوں نے اپنا اختیار مجھے دیا ہے کاریزات اور پشین کے لوگ اپنا اختیار دیں۔ اسپیکر نے صوبائی وزیر تعلیم کی ایوان میں عدم موجودگی پر توجہ دلاؤ نوٹس آئندہ اجلاس تک کیلئے موخر کردیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر بہائے محکمہ آئی ٹی کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ گوادر سیف سٹی پراجیکٹ کی منظوری کئی سال قبل ہوچکی ہے لیکن تاحال اس پر کام شروع نہیں ہوسکا جس کی وجہ سے یہ اہم منصوبہ تاحال تعطل کا شکار ہے اب تک گوادر سیف سٹی پراجیکٹ پر کام شروع نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں نیز مذکورہ پراجیکٹ پر کب تک کام شروع ہوگا اس پر کل کتنے اخراجات آئیں گے اور یہ پراجیکٹ کس کمپنی کو ایوارڈ ہوا ہے ان کی تفصیل فراہم کی جائے، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج کی یقین دہانی پر اسپیکر نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹانے کی رولنگ دی۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری محکمہ کھیل مینا مجید نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسمبلی کے گزشتہ اجلاس میں مجھ پر 30 کروڑ کی کرپشن کا الزام لگایا گیا یہ الزام میرا نام لے کر لگایا گیا جس میں میرا استحقاق مجروح ہوا ہے اس معاملے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ جمعیت کے رکن زابد ریکی نے کہا کہ مذکورہ فنڈز واشک کو نہیں بلکہ خاران کو دیا گیا ہے، میں دو ماہ سے میر شعیب نوشیروانی اور مینا مجید سے کہتا رہا ہوں کہ خاران میں فائل بیچ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں پیش آنے والے واقعے پر میں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو اپنا اختیار سونپا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں جو کچھ ہوا اس پر میں نے اراکین اسمبلی میر لیاقت علی لہڑی اور علی مدد جتک کے سامنے مینا مجید سے معذرت کرکے اس معاملہ کو ختم کردیا تھا جب ایک مسئلہ ختم ہوگیا ہے تو اس کو دوبارہ اٹھانا زیادتی ہے اگر خاتون رکن کی دل آزاری ہوئی ہے تو میں دوبارہ اسمبلی فلور پر معزز رکن کی جانب سے معذرت کرتا ہوں اسمبلی کے اندر گرما گرمی ہوجاتی ہے اپوزیشن کا کام ہی تنقید کرنا ہے ان کے پاس اسمبلی واحد فورم ہے حکومتی ارکان کو تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ اجلاس میں پینل آف چیئرپرسن کے رکن زابد ریکی نے ہر 5 مئی کی نشست میں محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی جانب سے موصول شدہ رپورٹ بر بلوچستان ہاؤس اسلام آباد و کراچی پر بحث عام بحث کیلئے ارکان اسمبلی کے نام طلب کئے جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے پینل آف چیئرپرسن کے رکن سے استدعا کی کہ اس پر اسمبلی میں عام بحث کی بجائے جس رکن کو تحفظات ہیں وہ مجھے آگاہ کریں اس پر اپوزیشن اور حکومت کی کمیٹی بنائی جائے گی۔ بعدازاں اسمبلی کا اجلاس 21 مئی تک ملتوی کردیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 1 Dated: 10 MAY 2025 Page No. 4

انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ امن کا پیغام

# بلوچستان کے لوگ کھیلوں سے محبت کرتے ہیں، گورنر، وزیراعلیٰ

## حکومت کیلئے بین الاقوامی کھلاڑیوں کی میزبانی کرنا باعث مسرت، امید ہے کھیلوں کا یہ تسلسل جاری رہے گا

**جعفرمندوخیل، سرفراز بگٹی کا افتتاحی تقریب سے خطاب، کورکمانڈر سمیت دیگر شریک، آتشبازی کا مظاہرہ، کیک کاٹا گیا**

کوئٹہ (خ ن+اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ مجھے کوئٹہ میں ہونے والی اس بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کا حصہ بننے پر بہت فخر ہے، جو ہمارے دارالحکومت کوئٹہ کیلئے ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ صوبائی (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان مہمان نواز لوگوں کا صوبہ ہے آج کا دن (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

دارالحکومت کوئٹہ دنیا کے متعدد ممالک کے باصلاحیت باکسرز کی میزبانی کر رہا ہے۔ یہ ایونٹ پاکستان کی کھیلوں کے اثاثے میں ایک نئے باب کا اضافہ کرتا ہے اور یہ مناسب ہے کہ ہم یہاں اس کی میزبانی کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ سے متعلق منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انٹرنیشنل باکسنگ کے وائس پریذیڈنٹ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، آئی جی ایف سی میجر جنرل عابد مظہر اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان سمیت مختلف ممالک سے انٹرنیشنل باکسرز بھی شریک تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ایک پاکستانی قوم کے طور پر ہم پہلے ہی مختلف بین الاقوامی مقابلوں میں اپنی طاقت ثابت کر چکے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ تمام شرکاء کا کوئٹہ میں قیام خوشگوار قیام ہو۔ اس موقع پر کیک بھی کاٹا گیا اور آتش بازی کا مظاہرہ، میوزیکل پروگرام بھی منعقد کیا گیا۔

میرے لیے باعث مسرت ہے کہ جب ہم بلوچستان میں پہلی بار بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کا انعقاد کرنے جا رہے ہیں بھارت ہم پہ جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے لیکن ہم آج اسے یہ بتا رہے ہیں کہ ہم آپ کے خلاف پوری طرح سے متحد ہیں اور آپ کی ہر جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں پاکستان بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ تمام بین الاقوامی باکسنگ کے کھلاڑیوں کو بلوچستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں۔




گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل بلوچستان سپر لیگ کے فائنل میچ کی ونر ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOC[HISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 10 مئی 2025ء بمطابق 12 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 128

Bullet No. 1 Page No. 5

# بارڈر ٹریڈ پر کمیٹی بنانے کا اعلان، وفاقی حکومت سے بات کریں گے

میر سرفراز بگٹی

## میر سرفراز بگٹی نے بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ایک کمیٹی بنانے اور مکران میں گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کو نشاندھی کرنے پر گرفتار کرانے کا اعلان کر دیا

**سرحدی علاقوں کی باڈر منیجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، تو بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ان سے بات کریں گے، ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو اس مسئلے کا حل تلاش کرے، وزیراعلیٰ کا اسمبلی میں خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ایک کمیٹی بنانے اور مکران میں گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کو نشاندھی کرنے پر گرفتار کرانے کا اعلان کر دیا وزیراعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید نے اپوزیشن کے رکن اسمبلی زابد علی ریکی کے خلاف تحریک استحقاق لانے کا اعلان تو کیا لیکن وزیراعلیٰ

بلوچستان کی مداخلت بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

پر تحریک استحقاق پیش نہیں کی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے زیر صدارت اجلاس میں بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے پیش کی گئی قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ برصغیر کی تقسیم سے کئی سرحدی علاقوں میں لوگوں کو

مشکلات ہوئیں، دنیا کے کئی ممالک میں سرحدوں پر رہنے والوں کو ایک دوسرے سے ملنے میں قانونی مسائل کا سامنا رہتا ہے چونکہ سرحدی علاقوں کی باڈر منیجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، تو بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ان بات کریں گے، ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو اس مسئلے کا حل تلاش کرے۔ اس سے قبل صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے انکشاف کیا کہ بلوچستان میں تیل کی اسمگلنگ سے ملنے والے پیسہ کا بھتہ مزاحمت کاروں کو بھی جاتا ہے اس لئے تیل کی سمگلنگ بند ہونا چاہیے ذاتی وضاحت دیتے ہوئے وزیراعلیٰ کی مشیر کھیل مینا مجید نے کہا کہ مجھ پر الزام لگایا گیا کہ ہم نے 30 کروڑ روپے کی کرپشن کی ہے ہمارے محکمے میں فنڈز مشیر کھیل کے بجائے کمیٹی کے ذریعے دیئے جاتے ہیں، مینا مجید کا کہنا تھا کہ کسی کی درخواست پر منسٹر خود رقم نہیں دیتا بلکہ کمیٹی رقم دینے کا فیصلہ کرتی ہے، مینا مجید کا کہنا تھا کہ گذشتہ اجلاس میں مجھ پر الزام لگائے گئے جس سے ان کا استحقاق مجروح ہوا، اس معاملے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے، مشیر کھیل مینا مجید کا کہنا تھا کہ ہمارے محکمے نے زاہد ریکی کو 20 لاکھ روپے کا فنڈ دیا مگر انہوں نے خرچ نہیں کئے جس پر زاہد ریکی نے کہا کہ یہ فنڈز واشک کو نہیں بلکہ خاران کو دیئے ہیں، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا ہم نے پچھلے اجلاس میں اس مسئلے کو تو ختم کر دیا تھا، مینا مجید اس مسئلے کو دوبارہ ایوان لا کر زیادتی کر رہی ہیں اگر ابھی تک ان کی تسلی نہیں ہوئی تو میں پھر ان سے معذرت کرتا ہوں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز جمعۃ المبارک 9 مئی 2025ء بمطابق 11 ذیقعدہ 1446ھ | شمارہ نمبر 127

# وزیر اعلیٰ: صوبائی حکومت کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات فراہم کرنا ہے

## ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی رہائش اور دیگر سہولیات کی فراہمی سے متعلق حکومت مکمل تعاون کرے گی، طبی عملے کی ہائرنگ جلد مکمل کی جائے

## ڈاکٹرز اور دیگر کی ہائرنگ میں کسی بھی قسم کی تاخیر کی گنجائش نہیں ہے، اگلے ماہ خود سوئی کا دورہ کر کے سہولیات کا جائزہ لوں گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی حکومت اور انڈس ہسپتال کے تعاون سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس یہاں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکریٹری صحت مجیب الرحمٰن پانیزئی اور ڈی جی صحت ڈاکٹر امین

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

خان مندوخیل سمیت انڈس ہسپتال کے حکام نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی اجلاس کو انڈس ہسپتال کے حکام کی جانب سے بلوچستان میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی گئی اجلاس کو انڈس ہسپتال کے حکام کی جانب سے سوئی اور بیکڑ میں متعلقہ طبی امور کے حوالے سے بھی بریفنگ کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی کی رہائش اور دیگر سہولیات کی فراہمی سے متعلق حکومت مکمل تعاون کرے گی انہوں نے ہدایت کی کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی ہائرنگ جلد مکمل کی جائے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور کنسلٹنٹس کی ہائرنگ میں کسی قسم کی تاخیر کی کوئی گنجائش نہیں ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگلے ماہ خود سوئی اور بیکڑ کا دورہ کرونگا اور سہولیات کا جائزہ لونگا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست ہے حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

| شمارہ نمبر-127 | قیمت 20 روپے | ہفتہ 10 مئی 2025ء بمطابق 12 ذیقعد 1446ھ | جلد نمبر-24 |
|---|---|---|---|

# سرحدی تجارت سے متعلق کمیٹی کا اعلان، مکران میں گاڑیوں سے بھتہ لینے والوں کی نشاندہی کی جائے

سرفراز بگٹی

**برصغیر کی تقسیم سے کئی سرحدی علاقوں میں لوگوں کو مشکلات ہوئیں، دنیا کے کئی ممالک میں سرحدوں پر رہنے والوں کو ایک دوسرے سے ملنے میں قانونی مسائل کا سامنا رہتا ہے**

**چونکہ سرحدی علاقوں کی باڈر منیجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، تو بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ان بات کریں گے، ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو اس مسلے کا حل تلاش کرے**

**فنڈز سے متعلق ارکان اسمبلی کے درمیان غلط فہمی کا مسئلہ ختم کر دیا تھا، مینا مجید اس مسئلے کو دوبارہ ایوان لاکر زیادتی کر رہی ہیں، وزیر اعلیٰ کا اسمبلی اجلاس میں خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ایک کمیٹی بنانے | اور مکران میں گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کو نشاندہی کرنے پر گرفتار کرانے (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے رکن اسمبلی زابد علی ریکی اسمبلی اجلاس سے قبل بات چیت کر رہے ہیں

کا اعلان کر دیا وزیر اعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید نے اپوزیشن کے رکن اسمبلی زابد علی ریکی کے خلاف تحریک استحقاق لانے کا اعلان تو کیا لیکن وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مداخلت پر تحریک استحقاق پیش نہیں کی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے زیر صدارت اجلاس میں بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے پیش کی گئی قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ برصغیر کی تقسیم سے کئی سرحدی علاقوں میں لوگوں کو مشکلات ہوئیں، دنیا کے کئی ممالک میں سرحدوں پر رہنے والوں کو ایک دوسرے سے ملنے میں قانونی مسائل کا سامنا رہتا ہے چونکہ سرحدی علاقوں کی باڈر منیجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، تو بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ان بات کریں گے، ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو اس مسلے کا حل تلاش کرے۔ اس سے قبل صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے انکشاف کیا کہ بلوچستان میں تیل کی اسمگلنگ سے ملنے والے پیسہ کا بھتہ مزاحمت کاروں کو بھی جاتا ہے اس لئے تیل کی سمگلنگ بند ہونی چاہیے ذاتی وضاحت دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ کی مشیر کھیل مینا مجید نے کہا کہ مجھ پر الزام لگایا گیا کہ ہم نے 30 کروڑ روپے کی کرپشن کی ہے ہمارے محکمے میں فنڈز مشیر کھیل کے بجائے کمیٹی کے ذریعے دیئے جاتے ہیں، مینا مجید کا کہنا تھا کہ کسی کی درخواست پر منسٹر خود رقم نہیں دیتا بلکہ کمیٹی رقم دینے کا فیصلہ کرتی ہے، مینا مجید کا کہنا تھا کہ گزشتہ اجلاس میں مجھ پر الزام لگائے گئے جس سے ان کا استحقاق مجروح ہوا، اس معاملے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے، مشیر کھیل مینا مجید کا کہنا تھا کہ ہمارے محکمے نے زابد ریکی کو 20 لاکھ روپے کا فنڈ دیا مگر انہوں نے خرچ نہیں کئے جس پر زابد ریکی نے کہا کہ یہ فنڈز واشک کو نہیں بلکہ خاران کو دیئے ہیں، اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا ہم نے پچھلے اجلاس میں اس مسئلے کو تو ختم کر دیا تھا، مینا مجید اس مسئلے کو دوبارہ ایوان لاکر زیادتی کر رہی ہیں اگر ابھی تک ان کی تسلی نہیں ہوئی تو میں پھر ان سے معذرت کرتا ہوں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 Page No. 8


THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

شمارہ 127 ہفتہ 10 مئی 2025ء بمطابق 12 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے جلد 29


بلوچستان اسمبلی میں ژوب ایئرپورٹ کی بحالی کی قرارداد منظور

# بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے کمیٹی بنائینگے وفاق سے بات کرنا ہوگی میر سرفراز بگٹی

پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے چمن سے گوادر تک تین کراسنگ پوائنٹس کھولنے شناختی کارڈ کے ذریعے کاروبار کرنے ایران بارڈر سے اشیاء خوردنی لانے کی قراردادیں، وزیراعلیٰ کی یقین دہانی پر نمٹادی گئیں

میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ اجلاس کے واقعے میں معذرت کی یاد دہانی کرادی معاملہ ختم ہوگیا اب دوبارہ معذرت کرتا ہوں، وزیراعلیٰ کا اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ اسمبلی اجلاس 21 مئی تک ملتوی



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی نے ژوب ایئرپورٹ سے ملک کے دیگر شہروں کے لئے پی آئی اے کی پروازیں دوبارہ شروع کرنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی جبکہ پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے اور چمن سے گوادر تک کراسنگ پوائنٹس کھولنے، شناختی کارڈ کے ذریعہ روزگار کرنے، ایران بارڈر سے اشیا خوردونوش لانے کی اجازت دینے سے متعلق الگ الگ قراردادیں وزیراعلیٰ بلوچستان کی یقین دہانی پر نمٹادی گئیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 25 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا، اجلاس میں جمعیت علما اسلام کے رکن فضل قادر مندوخیل نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ژوب ایئرپورٹ جو طویل عرصے سے قائم ہے جہاں سے لوگ کوئٹہ اور ملک کے دیگر شہروں کے لئے سفر کرتے تھے لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا ژوب ایئرپورٹ سے ایک طویل عرصہ سے پی آئی اے کی پروازوں کا سلسلہ معطل ہو چکا ہے اور اب شنید میں آیا ہے کہ ژوب ایئرپورٹ سے پروازوں کا سلسلہ بحال کرنے کی بجائے ژوب میں قائم پی آئی اے کے دفتر کو بھی بند کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے علاقے کے لوگوں میں اضطراب اور بے چینی پائی جارہی ہے

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 — ہفتہ 10 مئی 2025ء 12 ذیقعد 1446ھ — صفحات 6 — قیمت 20 روپے — شمارہ 128


بلوچستان اسمبلی

# پشین کو ڈویژن بنانے کے حوالے سے ورکنگ جاری ہے

وزیراعلیٰ بگٹی

## بلوچستان اسمبلی اجلاس، ژوب ائیر پورٹ پر پروازوں سے متعلق قرارداد منظور

## بجٹ کی کمی بھی آڑے آتی ہے ایوان نے پشین کو ڈویژن کا درجہ دینے کی قرارداد نمٹا دی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی اجلاس سپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت 25 منٹس تاخیر سے شروع ہوا ایوان نے ژوب ائیر پورٹ پر پروازوں سے متعلق قرارداد منظور جبکہ پشین کو ڈویژن کا درجہ اور سرحدوں پر آباد افراد کو روزگار دینے سے متعلق قرارداد وزیراعلیٰ بلوچستان کے یقین دہانی پر نمٹا دی گئی جبکہ اسی طرح ایس اینڈ جی اے ڈی سے متعلق تحریک التواء بھی نمٹا دی گئی متعلقہ وزراء نہ ہونے نہ ہونے کی وجہ سے سوالات نمٹا دی گئی اجلاس 21 مئی تک ملتوی کردی گئی' اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری سپورٹ مینہ مجید بلوچ نے کہا کہ ہم پر ایوان میں کرپشن کا الزام لگایا گیا ہے کھیل کی سرگرمیاں صوبائی سطح پر ہوتی ہیں ایوان میں میرا نام لیکر میرا استحقاق مجروح کیا انہوں نے کہا کہ فنڈز باقاعدہ پراسس کے تحت جاری ہوتے ہیں بلوچستان کے کھلاڑیوں کی پاکستان کا نام روشن کرنے پر حوالہ افزائی کی جاتی ہے کھیل کے ایونٹس کی کمیٹی سے اجازت دی جاتی ہے ہر ایم پی ایز کو فنڈ نہیں دے سکتے ہیں الزام لگانا کوئی طریقہ کار نہیں ہے میرا استحقاق مجروح کرنے کے معاملے کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے واشک کیلئے بیس لاکھ روپے کھیلوں کے ایونٹس کے جاری کئے گئے تھے مگر وہ نہیں ہوئے، اس کی انکوائری کرائی جائے رکن اسمبلی زابد ریکی نے کہا کہ بیس لاکھ روپے خاران کیلئے دیئے گئے ہیں واشک کو نہیں دیئے ہیں' وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز ہونے والے معاملے کو نمٹا دیا تھا میں نے خود مینہ مجید سے معذرت کی تھی اگر مینہ کی تسلی نہیں ہوئی تو پھر ان سے معذرت کرتا ہوں' سید ظفر علی آغا نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پشین بڑی آبادی پر مشتمل ضلع ہے' لیکن ڈویژن ہیڈ کوارٹر نہ ہونے کی باعث علاقے کے لوگ چھوٹے چھوٹے کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ کا رخ کرتے ہیں ضلع پشین کے عوام کی اکثریت غریب آبادی پر مشتمل ہے اور وسائل نہ ہونے کی بنا انہیں کوئٹہ آنے جانے میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، پشین کو ڈویژن کا درجہ دیا جائے تاکہ لوگوں کے مسائل حل ہوسکیں' اصغر علی ترین نے کہا کہ پشین کو تین اضلاع میں تقسیم کرکے اسے ڈویژن بنایا جائے وزیراعلیٰ بلوچستان پشین کو بہت اہمیت دی ہے، پشین کو ڈویژن بنانے کی وزیراعلیٰ نے یقین دہانی کرائی تھی پشین کی ایک سرحد کوئٹہ اور دوسری افغان بارڈر سے لگتی ہے کسی بھی ڈی سی نے آج تک پورے ضلع کا دورہ نہیں کیا' وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پشین کا ڈویژن بنانے کے حوالے سے ورکنگ کررہے ہیں۔



☆☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں ☆☆☆☆☆☆

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

روزنامہ
میزان
کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: جمیل الرحمن
چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ 10 مئی 2025ء 12 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 245

# بلوچستان مہمان نواز لوگوں کا صوبہ ہے، میر سرفراز بگٹی

## آج کا دن باعث مسرت ہے کہ ہم بلوچستان میں پہلی بار بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کا انعقاد کرتے جارہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان مہمان نواز (بقیہ 12 صفحہ 2 پر)

لوگوں کا صوبہ ہے آج کا دن میرے لیے باعث مسرت ہے کہ جب ہم بلوچستان میں پہلی بار بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کا انعقاد کرنے جارہے ہیں بھارت ہم پہ جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے لیکن ہم آج اسے بیبتا رہے ہیں کہ ہم آپ کے خلاف پوری طرح سے متحد ہیں اور آپ کی ہر جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں پاکستان بین الاقوامی باکسنگ چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ تمام بین الاقوامی باکسنگ کے کھلاڑیوں کو بلوچستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ یقینا ان کا آخری دورہ نہیں ہوگا بلکہ وہ آئندہ بھی تسلسل سے یہاں آتے رہیں گے انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان میں سپورٹس کے کئی ایک میگا ایونٹ منعقد ہوئے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ بلوچستان کے لوگ کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرتے ہیں انہوں نے تقریب کے بہترین انعقاد پر کمانڈر 12 کور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ اور تمام منتظمین کو مبارکباد پیش کی تقریب میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، سپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی اور اعلیٰ سول اور عسکری حکام سمیت عوام کی کثیر تعداد شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن اسمبلی ذابد علی ریکی اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1
Page No. 1

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد انور ناصر

| جلد | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت | MEMBER OF APNS | شمارہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 28 | ہفتہ 10 مئی 2025ء | 12 ذیقعد 1446ھ | 10 روپے | رجسٹرڈ سی پی-10 | 83 |

# وزیراعلیٰ کا بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے کمیٹی بنانے کا اعلان

## مکران میں گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کو نشاندھی کرنے پر گرفتار کروں گا، سرفراز بگٹی

### برصغیر کی تقسیم سے کئی سرحدی علاقوں میں لوگوں کو مشکلات ہوئیں، باڈر منیجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے تو بات کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ایک کمیٹی بنانے اور مکران میں گاڑیوں سے پیسے لینے والوں کو نشاندھی کرنے پر گرفتار کرانے کا اعلان کردیا وزیراعلیٰ کی مشیر برائے کھیل مینا مجید نے اپوزیشن کے رکن اسمبلی زابد علی ریکی کے خلاف تحریک استحقاق لانے کا اعلان تو کیا لیکن وزیراعلیٰ بلوچستان کی مداخلت پر تحریک استحقاق پیش نہیں کی۔ اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے زیرصدارت اجلاس میں بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے پیش کی گئی قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ برصغیر کی تقسیم سے کئی سرحدی علاقوں میں لوگوں کو مشکلات ہوئیں، دنیا کے کئی ممالک میں سرحدوں پر رہنے والوں کو ایک دوسرے سے ملنے میں قانونی مسائل کا سامنا رہتا ہے چونکہ سرحدی علاقوں کی باڈر منیجمنٹ وفاقی حکومت کے پاس ہے، تو بارڈر ٹریڈ کے حوالے سے ان بات کریں گے، ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو اس مسئلے کا حل تلاش کرے۔ اس سے قبل صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے انکشاف کیا کہ بلوچستان میں تیل کی اسمگلنگ سے ملنے والے پیسہ کا بھتہ مزاحمت کاروں کو بھی جاتا ہے اس لئے تیل کی سمگلنگ بند ہونا چاہیے ذاتی وضاحت دیتے ہوئے وزیراعلیٰ کی مشیر کھیل مینا مجید نے کہا کہ مجھ پر الزام لگایا گیا کہ ہم نے 30 کروڑ روپے کی کرپشن کی ہے ہمارے محکمے میں فنڈز مشیر کھیل کے بجائے کمیٹی کے ذریعے دیئے جاتے ہیں، مینا مجید کا کہنا تھا کہ کسی کی درخواست پر منسٹر خود رقم نہیں دیتا بلکہ کمیٹی رقم دینے کا فیصلہ کرتی ہے، مینا مجید کا کہنا تھا کہ گزشتہ اجلاس میں مجھ پر الزام لگائے گئے جس سے ان کا استحقاق مجروح ہوا، اس معاملے کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے، مشیر کھیل مینا مجید کا کہنا تھا کہ ہمارے محکمے نے زابد ریکی کو 20 لاکھ روپے کا فنڈ دیا مگر انہوں نے خرچ نہیں کئے جس پر زابد ریکی نے کہا کہ یہ فنڈز واشک کو نہیں بلکہ خاران کو دیئے ہیں، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا ہم نے پچھلے اجلاس میں اس مسئلے کو تو ختم کردیا تھا، مینا مجید اس مسئلے کو دوبارہ ایوان لاکر زیادتی کررہی ہیں اگر ابھی تک ان کی تسلی نہیں ہوئی تو میں پھر ان سے معذرت کرتا ہوں۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں




گورنر جعفر مندوخیل کو وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی منعقدہ تقریب کے موقع پر شیلڈ پیش کررہے ہیں

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ — صفحات 8 قیمت 15 روپے

شمارہ 31 — ہفتہ 10 مئی 2025ء، 12 ذی القعد 1446ھ — جلد 21


Bullet No. 1 — Page No. 12



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی نورزئی بات چیت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن اسمبلی سلمیٰ کاکڑ اسمبلی اجلاس کے دوران بات چیت کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 10 MAY 2025 Page No. 13


## بھارت ناکام حملوں کے بعد بوکھلاہٹ کا شکار ہے، صادق عمرانی

### ڈرونز کے ذریعے جاسوسی کا منصوبہ بھی کامیاب نہ ہوسکا، صوبائی وزیر کا بیان

کوئٹہ (خ ن) پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر/سینئر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ بھارت نے عالمی اصولوں کے خلاف پاکستان کی خود مختاری کو پامال کرتے ہوئے دراندازی کی ناکام کوشش کی ملک کے مختلف علاقوں میں ڈرونز کے ذریعے جاسوسی میں بھی وہ ناکام رہا جس پر اس کی جگ ہنسائی ہورہی ہے ناکام حملوں کے بعد بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ملک ہے عوام اور مسلح افواج دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دو دہائیوں سے صف اول کا کردار ادا کررہے ہیں اور یہ جنگ ہماری لیے کوئی نئی بات نہیں ہندوستان ہوش کے ناخن لے اگر پاکستان نے جنگی اصولوں سے ہٹ کر جواب دیا تو بھارت ہمیشہ یہ سبق یاد رکھے گا۔

## روزگار کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے، پارلیمانی سیکرٹری بہبود آبادی

### ایک اور وعدہ پورا کردیا، محکمہ بہبود آبادی میں 45 مرد و خواتین کو ملازمت فراہم کردی، ہادیہ نواز

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری بہبود آبادی ہادیہ نواز بہرانی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے ۔ یہ بات انہوں نے محکمہ بہبود آبادی کے دفتر میں 45 مرد و خواتین سوشل موبلائزر کو تعیناتی کے آرڈر دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی عظیم کاکڑ، عامر بہرانی، سینئر ڈسٹرکٹ افسر ایوب کاکڑ، اکاؤنٹس افسر لطیف محمد حسنی سمیت دیگر نے بھی شرکت کی ۔ ہادیہ نواز نے کہا کہ صوبے میں بے روزگاری کی وجہ سے نوجوانوں کی بڑی تعداد بے راہ روی کا شکار اور غلط راہ کا انتخاب کررہی تھی، ہم نے اقتدار میں آنے کے بعد نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اور ان کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور آج مجھے خوشی ہورہی ہے کہ ایک وعدے کو پورا کرتے ہوئے محکمہ بہبود آبادی میں 45 مرد و خواتین کو ملازمت فراہم کردی، اب ان کی ذمہ داری ہے کہ اپنے فرائض احسن طریقے سے نبھائیں ۔ ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی نے کہا کہ پارلیمانی سیکرٹری ہادیہ نواز کی کوششوں سے محکمہ بہبود آبادی میں سوشل موبلائزر کی اسامیاں منظور کرائی گئیں اور آج باقاعدہ نوجوانوں اور خواتین میں تقرری کے آرڈر تقسیم کیے گئے۔

## تھیلیسیمیا کی روک تھام کیلئے سکریننگ ٹیسٹ کو فروغ دیا جائے گا، وزیر صحت

### صحت کے مسائل کے حل کے لیے ماہرین پر مشتمل ایڈوائزری کمیٹی تشکیل دے دی ہے، بخت کاکڑ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ تھیلیسیمیا اور دیگر موذی امراض کی روک تھام کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں بلوچستان جیسے وسیع صوبے میں صحت کے مسائل کے حل پر توجہ مرکوز ہے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تھیلیسیمیا کے عالمی دن کے موقع پر بلوچستان بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تھیلیسیمیا کے حوالے سے موجودہ قانون پر عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ تھیلیسیمیا کی موثر روک تھام کے لیے سکریننگ ٹیسٹ کو فروغ دیا جائے گا اور اس قانون پر عمل درامد کیا جائے گا۔ بلوچستان میں صحت کے مسائل کے حل کے لیے ماہرین پر مشتمل ایڈوائزری کمیٹی تشکیل دے دی ہے ۔ علمائے کرام اس بارے میں اپنے خطبات میں شعور و آگاہی کے لیے کردار ادا کریں تقریب سے سیکرٹری صحت مجیب پانیزئی ، چیف ٹیکنیکل ایکسپرٹ بلوچستان بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی ڈاکٹر ندیم صمد، ڈاکٹر افضل زرکون ڈاکٹر شفیق کھوسہ، اسلم ناصر اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

## پاک فضائیہ نے بھارت کو ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا، راحیلہ درانی

### پاکستان پر حملے ہندوستان کی انتہاپسندانہ اور اشتعال انگیز پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے بھارتی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حالیہ حملے ہندوستان کی انتہاپسندانہ اور اشتعال انگیز پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں پاکستان جو ہمیشہ سے امن اور استحکام کا علمبردار رہا ہے نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ ہماری مسلح افواج کسی بھی جارحیت کا فیصلہ کن اور دندان شکن جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں صوبائی وزیر نے پاک افواج کی ناقابل تسخیر طاقت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاک فضائیہ نے نہ صرف دشمن کے حملے کو ناکام بنایا بلکہ بھارتی فضائیہ کو اس کے اپنے ہی علاقے میں ذلت آمیز شکست سے دوچار کیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 10 MAY 2025 Page No. 14



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## چیف سیکرٹری
# پولیو کے خاتمے کیلئے حکومت جنگی بنیادوں پر اقدامات کر رہی ہے

ہنگامی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں، وائرس کی نشاندہی کے لیے نگرانی کے نظام کو مزید فعال کیا جا رہا ہے، شکیل قادر خان

کوئٹہ(خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبے میں پولیو کی تدارک کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں گزشتہ اور آنیوالی مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا کہ صوبے سے پولیو کا خاتمہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور اس کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں پولیو وائرس ابھی تک موجود ہے، اس کے خاتمے کے لیے کوششیں جاری ہیں، اس موقع پر صوبائی کوآرڈی نیٹر ای او سی انعام الحق نے اجلاس کو بتایا کہ ماحولیاتی نگرانی کے ذریعے سیوریج کے نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی جانچ کی جاتی ہے تاکہ وائرس کے پھیلاؤ کے علاقوں کی نشاندہی کی جا سکے اور کئی اضلاع میں ماحولیاتی نمونے نیگیٹو آئے ہیں۔ صوبے بھر میں بار بار صوبائی سطح پر پولیو ویکسی نیشن مہمات کا انعقاد کیا جاتا ہے، جس میں پانچ سال سے کم عمر کے لاکھوں بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جاتے ہیں۔ سفر کے دوران اور دور دراز علاقوں تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی کوششیں کی جاتی ہیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ پولیو ویکسین کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں عوام میں شعور اجاگر کرنے کے لیے قبائلی عمائدین، علماء اور سول سوسائٹی کا کردار اہم ہے۔ صوبے میں پولیو وائرس کی نشاندہی کے لیے نگرانی کے نظام کو مزید فعال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویکسی نیشن ٹیموں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ دور دراز اور حساس علاقوں تک رسائی حاصل کر سکیں۔ صوبے سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے سنجیدہ اور پرعزم ہیں اور مسلسل کوششیں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے خواتین کی اہمیت کو تسلیم کرنا اور ان کی مدد کرنا ضروری ہے۔ ان کی حفاظت کو یقینی بنانا اور ان کے کام کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا پولیو کے حتمی خاتمے کے لیے ناگزیر ہے۔ خواتین پولیو ورکرز گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو کے قطرے پلاتی ہیں۔ بہت سے علاقوں میں، ثقافتی رکاوٹوں کی وجہ سے مرد ورکرز کو گھروں میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوتی، اس لیے خواتین ورکرز ہی بچوں تک رسائی کا واحد ذریعہ ہیں۔

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

DIRECT... FING SE...

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 10 MAY 2025 Page No. 15

## کوئٹہ کے باسیوں کی خدمت ہمارا اولین فرض ہونا چاہئے، ڈپٹی کمشنر

**سرکاری ملازم کے خلاف شکایت برداشت نہیں کی جائے گی، فوری کارروائی عمل میں لائی جائیگی، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کیپٹن (ر) مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈی سی آفس کوئٹہ میں ایک اجلاس ہوا جس میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز، مجسٹریٹس، رجسٹرار اور ڈی سی آفس کی تمام برانچوں کے انچارجز نے شرکت کی۔ تعارفی اجلاس کا مقصد ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا جائزہ لینا اور بہتر عوامی خدمات کی فراہمی کے لیے اہداف کا تعین کرنا تھا۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تمام افسران و ملازمین کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ وہ اپنی تمام تر توانائیاں عوامی خدمت کے لیے وقف کریں۔ انہوں نے واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام برانچوں میں عوامی مسائل کو ایمرجنسی بنیادوں پر حل کیا جائے اور ہر شہری کے ساتھ خوش اخلاقی اور انصاف پر مبنی رویہ اپنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے سختی سے تاکید کی کہ کسی بھی سرکاری ملازم کے خلاف شکایت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اگر کسی ملازم کے خلاف شکایت موصول ہوئی تو اس کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور وہ ٹیم کا حصہ نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دفتر عوام کی خدمت کے لیے ہے اور کوئٹہ ہمارا گھر ہے۔ اس گھر اور اس کے باسیوں کی خدمت ہمارا اولین فرض ہے، جسے ہم بغیر کسی تفریق کے سرانجام دیں گے۔ اجلاس کے اختتام پر تمام افسران اور عملے نے ضلعی انتظامیہ کے وژن اور مشن کے مطابق اپنی بھرپور محنت، دیانت داری اور لگن سے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

## نوجوان مستقبل میں ڈیجیٹل بلوچستان کی باگ ڈور سنبھالیں گے، بلال کاکڑ

**بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام تقریب، سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور طلباء کی شرکت**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کے اشتراک سے پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور اس کے متحرک نوجوانوں کو شامل کرنے کی ایک اہم کوشش میں ایک ہائی پروفائل تقریب کا انعقاد کیا۔ BUITEMS کیمپس میں منعقد ہونے والے اس ایونٹ نے نوجوانوں کو آن بورڈ لینے، جدت کو فروغ دینے، سرمایہ کاری کی صلاحیت کو اجاگر کرنے اور تعلیمی، صنعت اور پبلک سیکٹر کے درمیان بامعنی روابط پیدا کرنے کے لیے ایک متحرک پلیٹ فارم کے طور پر کام کیا۔ صوبہ بھر سے سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور طلبہ کو خصوصی طور پر شرکت کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ یہ تقریب ایک مکالمے سے زیادہ تھی یہ ایک تحریک ہے۔ طلباء اور ڈیجیٹل انفلوئنسرز کو مدعو کر کے، ہم نہ صرف بلوچستان کی معاشی کہانی کا اشتراک کر رہے ہیں بلکہ اس کے مستقبل کی کہانی سنانے والوں کو بھی بااختیار بنا رہے ہیں۔ یہ وہ بلوچستان ہے جس پر ہم یقین رکھتے ہیں، جڑے ہوئے، تخلیقی اور وعدوں سے بھرپور BBoIT طویل مدتی اثرات کو یقینی بنانے کے لیے نوجوانوں کیلئے خصوصی تقاریب، سرمایہ کاری کے فورمز، اور ڈیجیٹل مواقع کی فراہمی کی کوششوں کو جاری رکھے گا۔

## بلاک شناختی کارڈز کا معاملہ، اسپیکر کی رولنگ پر ڈی جی نادرا طلب

**شناختی دستاویزات کی فراہمی میں تاخیر نہ کی جائے، چمن میں معاملہ انتہائی سنجیدہ ہو گیا مسئلہ فوری حل کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (پ ر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی رولنگ پر ڈائریکٹر جنرل نادرا بلوچستان کو اسمبلی میں طلب کیا گیا۔ ڈی جی نادرا نے اسپیکر چیمبر میں پیش ہو کر ارکان کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل کو سنا، جن میں بلوچستان کے ہزاروں شہریوں کے قومی شناختی کارڈز کی بلاکنگ کا معاملہ شامل تھا۔ گزشتہ اجلاس میں ارکان اسمبلی نے شکایت کی تھی کہ شہریوں کے شناختی کارڈز بغیر کسی واضح وجہ کے محض افغان ہونے کے شبے پر کئی کئی سال سے بلاک ہیں، جس کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ارکان کی جانب سے اٹھائے گئے ان خدشات پر اسپیکر نے ڈی جی نادرا کو ہدایت کی کہ یہ معاملہ فوری طور پر حل کیا جائے اور متاثرہ شہریوں کو شناختی دستاویزات کی فراہمی میں مزید تاخیر نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ انتہائی سنجیدہ نوعیت کا ہے۔ اس موقع پر اسپیکر نے ضلع چمن کا خصوصی طور پر ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہاں شناختی کارڈز کی بلاکنگ سنگین مسئلہ بن چکا ہے اور مقامی آبادی شدید متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے تاکید کی کہ چمن سمیت تمام متاثرہ علاقوں میں شناختی کارڈز کی بلاکنگ کے مسئلے کو فوری اور موثر انداز میں حل کیا جائے۔

## منگچر سے اغواء کیے گئے چار پولیس اہلکار رہا

بیلہ (نامہ نگار) منگچر میں خزینئی کے مقام سے اغوا ہونے والے حب پولیس کے پانچ اہلکاروں کو بلوچستان کے ہر تھانے، ہر چیک پوسٹ اور ہر بلوچ وردی والے کے نام ایک تنبیہی پیغام کے ساتھ رہا کر دیا گیا ہے جنہیں گزشتہ جمعہ 02 مئی کو گڈانی سے دس قیدی کوئٹہ لے جاتے ہوئے علیحدگی پسند تنظیم بی ایل اے کے فتح سکواڈ نے اغواء کیا تھا تنظیم کے تنبیہی پیغام کے مطابق "یہ رہائی ایک دروازہ ہے جو ہم نے کھلا چھوڑا ہے، ایک موقع ہے جو ہم نے دیا ہے لیکن اگر پولیس نے اپنی موجودہ روش جاری رکھی تو ہم آپ کو اسی نظر سے دیکھیں گے جس سے ہم دشمن کو دیکھتے ہیں اور نتائج بھی اسی کے مطابق ہوں گے"۔

## بدعنوانی کی شکایات اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کو بھیجی جائینگی، صوبائی محتسب

**ماہانہ بنیادوں پر مختلف انکوائریز پر شفافیت کے ساتھ فوری کارروائی یقینی بنانے کیلئے خصوصی ٹیم تشکیل**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی محتسب کے دفتر میں صوبائی محتسب اعلیٰ نذر محمد بلوچ کے زیر صدارت ایک اہم نشست منعقد ہوئی جس میں ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ عبدالواحد کاکڑ نے شرکت کی۔ دوران نشست صوبے کے مختلف محکموں کے خلاف عوامی شکایات پر تبادلہ خیال، بالخصوص انکوائریز میں شفافیت کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ صوبائی محتسب نے محکمہ اینٹی کرپشن کو بھیجی گئی عوامی شکایات کی رپورٹ بھی طلب کی اور یہ اعادہ بھی کیا کہ مستقبل میں صوبائی محتسب بدعنوانی کے متعلق شکایات اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ کو بھیجے گا۔ اس موقع پر صوبائی محتسب اعلیٰ نے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دینے کا اعلان کیا جو ماہانہ بنیادوں پر مختلف انکوائریز پر شفافیت کے ساتھ فوری کارروائی کو یقینی بنانے کیلئے کام کریگی جس سے سائلین کو فوری انصاف تک رسائی حاصل ہوگی۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل عبدالواحد کاکڑ نے محکمہ اینٹی کرپشن کی طرف سے مکمل تعاون کی یقین دہانی دی۔

MASHRIQ QUETTA

## چمن منشیات کے عادی افراد کیخلاف کریک ڈاؤن، دو سو گرفتار

**ضلعی انتظامیہ نے سے شہر و اطراف سے منشیات کے عادی افراد کو گرفتار کر کے بحالی مراکز میں داخل کروایا**

**منشیات کے عادی افراد کیخلاف کریک ڈاؤن کی وجہ سے منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے**

چمن (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی منشیات کے عادی افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران تقریباً اب تک 200 افراد کو گرفتار کر کے ڈرگ ری ہیبلی ٹیشن سنٹرز میں داخل کروائے گئے ہیں ڈی سی چمن نے ضلع چمن کے عوام میں بے چینی کا نوٹس لیتے ہوئے گلی محلوں اور سڑکوں پر گھومتے منشیات کے عادی افراد کیخلاف کریک ڈاؤن کرنے کی ٹاسک ضلعی انتظامیہ کو سونپی گئی جس کے نتیجے میں ضلعی انتظامیہ نے بہت مستعدی اور ہوشیاری سے چمن شہر و اطراف سے 200 سے زیادہ منشیات کے عادی افراد کو گرفتار کر کے منشیات کی بحالی کے مراکز میں داخل کروائے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ چمن نے تین ڈرگ ری ہیبلی ٹیشن سینٹرز کے ساتھ ایم او یوز پر دستخط کئے ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کی طرف سے داخل کروائے گئے تمام افراد کی اخراجات ضلعی انتظامیہ فراہم کرائیگی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے منشیات کے عادی افراد کیخلاف کریک ڈاؤن کی وجہ سے ضلع چمن میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے اور منشیات فروش ضلع سے باہر چلے گئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے اس سلسلے میں ڈی جی، پی ڈی ایم اے جہانزیب کی منشیات کے عادی افراد کی علاج و معالجہ اور دیگر اخراجات اٹھانے کیلئے تعاون اور سہولت فراہم پر شکریہ ادا کیا ہے عوامی حلقوں میں ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی اور ضلعی انتظامیہ کی اس اقدام کو بہت سراہا جا رہا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 2

Dated: 10 MAY 2025 Page No. 16

# پولیو کے خاتمے کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، جہانزیب شیخ

## علماء کرام اپنے خطبات میں پولیو مہم کے حوالے سے شعور اجاگر کریں

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی جہانزیب شیخ کی زیر صدارت پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں پولیو پروگرام کے اعلیٰ افسران، محکمہ صحت کے نمائندوں اور متعلقہ اداروں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر سبی کو انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی اور مستقبل کی حکمتِ عملی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پولیو مہم 26 مئی سے یکم جون تک جاری رہے گی اس مہم کے دوران ضلع سبی میں 38773 بچوں کو پولیو سے بچاو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس میں موبائل ٹیمیں 205، اسپیشل موبائل ٹیم 15، فکس سائٹس 46، ٹرانزٹ ٹیم 22 ہوں گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جہانزیب شیخ نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لئے تمام اداروں کو مل کر کام کرنا ہوگا، انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے بچایا جا سکے انہوں نے کہا کہ علمائے کرام بھی اپنے خطبات میں پولیو کے دو قطروں کی اہمیت کے بارے میں شعور و آگاہی فراہم کریں۔

INTEKHAB QUETTA

# لسبیلہ اور حب کی سرکاری املاک پر بااثر افراد قابض

## سرکاری املاک پر قبضہ کے خلاف چارہ جوئی کرنے والے متعلقہ سرکاری ادارے بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگے

## قبضہ کے سبب علاقائی عام لوگوں کو کسی بھی ایونٹ اور شادی وغمی کے مواقعوں پر شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

حب (نمائندہ انتخاب) محکمہ لوکل گورنمنٹ ضلع لسبیلہ اور حب کی اربوں روپے مالیت کی املاک پر بااثر افراد کا قبضہ عوامی استعمال کیلئے تعمیر کرائے گئے کمیونٹی ہالز میں اپنے گھر اور بیٹھکیں آباد کرلیں سرکاری املاک پر قبضہ کے خلاف چارہ جوئی کرنے والے متعلقہ سرکاری ادارے بھی خاموش تماشائی کا کردار ادا کرنے لگے صوبائی PSDP سے کروڑوں روپے کی لاگت کے ملٹی پرپز کمیونٹی ہالوں پر نام نہاد وڈیروں اور بااثر افراد کے قبضہ کے سبب علاقائی عام لوگوں کو کسی بھی ایونٹ اور شادی وغمی کے مواقعوں پر شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ ضلع لسبیلہ اور ضلع حب کے مختلف

بقیہ نمبر26 صفحہ5 پر

علاقوں جن میں شہری اور دیہی علاقے شامل ہیں ان علاقوں میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے اپنے آن سورس وسائل سمیت صوبائی PSDP سے فراہم کردہ فنڈز کے تحت تعمیر کرائے ملٹی پرپز کمیونٹی ہالوں پر بعض نام نہاد وڈیروں اور بااثر افراد نے قبضہ کر رکھا ہے اور اُن میں اپنے گھر اور بیٹھکیں قائم کر رکھی ہیں جسکی وجہ سے عوامی اجتماعی مفادات کے تناظر میں قومی خزانے سے خرچ کیے گئے کروڑوں روپے عوامی اجتماعی مفادات کے بجائے چند افراد کی ذاتی تصرف میں ہیں جو کہ ماورائے قانون اقدام کے زمرے میں آتا ہے اس کے علاوہ ضلع لسبیلہ اور حب میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے سرکاری ملازمین اور افسران کی رہائش کیلئے بنائے گئے مکانات اور بنگلوں پر بھی بااثر شخصیات اور افراد نے قبضہ کر رکھا ہے تاہم اس حوالے سے سرکاری سطح پر نوٹس اور قانونی کاروائی کا استحقاق رکھنے والے ادارے بھی خاموش ہیں۔

# بلوچستان اسمبلی کے حلقہ 21 سے متعلق انتخابی عذرداری پر الیکشن کمیشن کو نوٹس

## سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان سے صالح بھوتانی کی درخواست پر جواب طلب کرلیا

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) سپریم کورٹ نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ 21 سے متعلق انتخابی عذرداری پر الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت نے الیکشن کمیشن آف پاکستان سے صالح بھوتانی کی درخواست پر جواب طلب کرلیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس شاہد وحید کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ 21 سے علی حسن زہری کی کامیابی کو چیلنج کرنے والی صالح بھوتانی کی

بقیہ نمبر12 صفحہ5 پر

درخواست پر سماعت کی۔ وکیل الیکشن کمیشن نے عدالت کو بتایا کہ صوبائی اسمبلی کے حلقہ 21 سے متعلق کیس الیکشن ٹریبونل میں زیر سماعت ہے، جس پر جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ یہ الگ معاملہ ہے اور یہاں براہ راست الیکشن کمیشن سے متعلق ہے۔ عدالت نے الیکشن کمیشن کو ہدایت کی کہ وہ پہلے جواب جمع کرائے، پھر معاملے کا جائزہ لیا جائے گا۔ اس دوران وکیل خواجہ حارث نے موقف اختیار کیا کہ آپ کے ہی بنچ نے الیکشن کمیشن کو آئین و قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کا حکم دیا تھا، جبکہ صالح بھوتانی کے وکیل کا کہنا تھا کہ الیکشن کمیشن نے عدالتی حکم کے خلاف فیصلہ دیا۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ الیکشن کمیشن اپنا موقف دے، پھر اس کو دیکھ لیں گے۔ سپریم کورٹ نے صالح بھوتانی کی درخواست پر الیکشن کمیشن کو جواب طلبی کا نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔

## موجودہ حالات کے ذمہ دار مسلط نمائندے ہیں، پشتونخوا میپ

**ملک کو بحرانوں سے نکالنے کا واحد حل تحریک تحفظ آئین کے ایجنڈے پر عملدرآمد ہے، قہار ودان**

شیرانی+ژوب (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار ودان کی زیر صدارت ضلع شیرانی اور ضلع ژوب کی کمیٹیوں کے علیحدہ اجلاس منعقد ہوئے جن میں پارٹی کی تنظیمی سیاسی کارکردگی پر غور بالخصوص امن وامان اور عوام کو درپیش مسائل پر بحث کی گئی۔ مزید برآں پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع ژوب وضلع شیرانی کے مشترکہ اجلاس کی صدارت عبدالقہار ودان نے کی اور پی ایس او کے تنظیمی امور سے متعلق جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے عبدالقہار ودان، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز حاجی دارا خان جوگیزئی، اقبال خان بٹے زئی اور سردار حیات خان میرزئی نے خطاب کیا۔ اس موقع پر ضلع سیکرٹری جمال مندوخیل ودیگر ضلع ایگزیکٹوز کے ارکان اور ضلع سیکرٹری رشیال شیرانی، سینئر معاون سیکرٹری جلات خان حریفال ودیگر ارکان نے شرکت کی۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے ہمہ جہت بحرانوں سے نجات کی واحد راہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے پیش کردہ قومی ایجنڈے میں ہے، یہی ایجنڈا ملک کو اپنی تاریخ کے بدترین معاشی، سیاسی، معاشرتی بحرانوں اور عوام کو مہنگائی، بیروزگاری، بدامنی سے نجات دلاسکتی ہے۔ ملکی آئین کی بالادستی اور پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنانے سے ملک ترقی کی جانب گامزن ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات اور خطے پر جنگ کے بادل منڈلانے کی پیش گوئیاں پارٹی قیادت نے بروقت کر رکھی تھیں اور خبردار کیا تھا کہ ہوش کے ناخن لیکر ملک کو بچانے اور اپنے عوام پر اعتماد کرتے ہوئے ان کے حق رائے دہی کا احترام کیا جائے اور سیاست میں مداخلت سے گریز کرتے ہوئے آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، قوموں کی برابری پر مبنی حقیقی فیڈریشن، عوام کی منتخب پارلیمنٹ سے داخلہ وخارجہ پالیسیوں کی تشکیل ہو۔ لیکن 8 فروری 2024 کے انتخابات میں جو کچھ ہوا اس پر ڈھٹائی کے ساتھ فارم 47 کے نمائندوں کو حکومت دیکر ملک کے عوام پر مسلط کیا گیا جن کی نااہلی، ناقص، ناکام پالیسیوں واقدامات کے باعث آج ملک اپنی تاریخ کے بدترین بحرانوں میں گھر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں کارکنوں کے ذمہ داریوں میں مزید اضافہ ہوچکا ہے، ہر کارکن نے اپنی قومی تحریک کے اہداف کے حصول کے لئے سنجیدگی اور نظم وضبط کے ساتھ اپنے چیئرمین محمود خان اچکزئی کی قیادت میں آگے بڑھنا ہوگا۔

## ہمارے انصار الاسلام کے سامنے بھارت کی کیا حیثیت ہے، مولانا لونی

**جمعیت نظریاتی کی بھارت کی جانب سے مساجد ومدارس کو شہید کرنے کی مذمت، قراردادیں منظور**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الھدیٰ، مرکزی ڈپٹی جنرل سکرٹری، نجیم خان ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی ناظم دوم قاری مہر اللہ، مولانا سیکرٹری اطلاعات عبدالستار چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حیات اللہ کاکڑ، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مالیات صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن نکیال، صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ، جنرل سیکریٹری مولانا اللہ وسایا، قاری اکمل، صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی، جنرل سیکرٹری پیر وحید اللہ ہالجوی، مولانا عبدالوہاب ڈھیر، مرکزی سالار خان، عبدالغفار خان، مولانا قاری محمد اکمل، صوبائی جنرل سیکریٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی، نائب امیر مولانا عبدالرؤف، صوبائی محتسب مولانا نیاز محمد، نائب امیر مفتی رحمت اللہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی، جوائنٹ سیکریٹری میر مبارک محمد حسنی، صوبائی سرپرست مولانا نعمت اللہ، صوبائی سرپرست مولانا خدائے نظر، صوبائی سیکریٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی، عبداللطیف مجاہد، ضلعی امیر قلات مولانا عبدالسلام ضلعی امیر نوشکی مفتی فداء الرحمن، ضلعی امیر پشین مولانا محمد انور، ضلعی امیر قلعہ عبداللہ مولانا حافظ عبدالواحد ہاشمی، ضلعی امیر دکی مولانا محمد جعفر فاروقی، ضلعی امیر نصیر آباد مجاہد عبداللطیف، ضلعی امیر گودار شیر جان صالح، ضلعی امیر خضدار مولانا عبدالغفور کرخی، ضلعی امیر ژوب مولانا عبدالحلیم شاہکار، مولانا عبدالحمید، سالار شیر جان کاکڑ، ولی خان غوریزئی، ضلعی امیر شیرانی، مولانا نعمت اللہ، ضلعی امیر لورالائی، مولانا شفیع الدین، ضلعی امیر موسیٰ خیل عبدالغنی، ضلعی امیر بی، ضلعی امیر جعفر آباد، ضلعی امیر چمن، مولانا احمد خان، ضلعی امیر ہرنائی مولانا محمد امین، سبی حافظ محمد حیات اور حاجی منظور نے بھارت کی جارحیت کے خلاف مذمتی قراردادیں اور مساجد اور مدارس پر حملوں کی شدید الفاظ سے مذمت اور شہادتوں پر دلی غم اور رنج اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا کی مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت نظریاتی ملک کے دفاع وسلامتی کے لیے ہراول دستے کا کردار ادا کرے گی۔ جس محاذ پر ضرورت پڑی تو جمعیت نظریاتی کے انصار الاسلام کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔

## مولانا فضل الرحمن کی ہدایت پر صوبے بھر میں یوم دفاع منایا گیا

**ہر ضلع کی مساجد میں بھارت کی بلااشتعال جارحیت، شرپسندی اور ناپاک عزائم کی شدید مذمت کی گئی**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان نے اپنے قائد مولانا فضل الرحمن کی ہدایت پر آج 9 مئی کو یوم دفاع صوبے میں انتہائی ولولے، جوش وخروش اور عزم صمیم کے ساتھ صوبے بھر کے تمام اضلاع میں منایا۔ ہر ضلع کی مساجد میں آئمہ کرام نے اپنے خطابات کے دوران بھارت کی بلااشتعال جارحیت، شرپسندی اور ناپاک عزائم کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے واضح کیا کہ بھارت کی جانب سے مساجد ومدارس پر حملے اس کی اسلام دشمنی، دہشت گرد ذہنیت اور فرقہ وارانہ تعصب کا کھلا ثبوت ہیں۔ آئمہ کرام اور علما نے خطابات میں کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میں بھارت ایک متعصب، فسطائی اور اسلام دشمن ریاست کی شکل اختیار کر چکا ہے۔ اس کی پالیسیوں سے صرف مسلمان نہیں، بلکہ پورا خطہ عدم استحکام کا شکار ہو رہا ہے۔ جمعیت علما اسلام کا موقف ہے کہ یہ حملے نہ صرف اسلامی شعائر کی توہین ہیں، بلکہ عالمی امن کے خلاف اعلانِ جنگ کے مترادف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بلوچستان کے متعدد اضلاع میں ہزاروں کارکنان اور عوام الناس نے احتجاجی ریلیوں میں شرکت کی، جہاں "بھارت کا ظلم نامنظور"، "مودی مردہ باد"، "اسرائیل مردہ باد" جیسے نعرے فضا میں گونجتے رہے۔ جمعیت علما اسلام بلوچستان اعلان کرتی ہے کہ پندرہ مئی کو کوئٹہ میں ہونے والا "ملین مارچ" تاریخ رقم کرے گا۔

## صرف اعلانات اور دعووں سے قومی یکجہتی ممکن نہیں، ہدایت الرحمن

**سیاسی مقدمات ختم، سیاسی قیدیوں کو رہا اور لوگوں کو حقوق دیئے جائیں، امرائے اضلاع سے گفتگو**

کوئٹہ (پ ر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ قومی یکجہتی کیلئے ضروری ہے کہ مقتدر قوتیں اور حکمران سب کو ساتھ لیکر چلیں سیاسی مقدمات ختم اور سیاسی قیدیوں کو رہا کرتے ہوئے صوبوں اور اقوام کو حقوق دیئے جائیں صرف اعلانات وعدوں اور دعووں سے قومی یکجہتی ممکن نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے امرائے اضلاع وذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان وسائل سے مالامال مگر عوام بدحال ہیں عوام کو روزگار ترقی اور خوشحالی میسر نہیں بدقسمتی سے جمہوری جدوجہد کا آئینی حق بھی لوگوں کو میسر نہیں بدعنوانی نااہلی کا زور اور کرپشن وکمیشن کا بازار گرم ہے جماعت اسلامی اس ظلم وجبر کے خلاف ہر میدان میں جدوجہد کررہی ہے قبائلی عمائدین سیاسی لیڈرز کو ہم نے ان مسائل مشکلات پر اکٹھا کیا اب 11 مئی کو علمائے کرام ومشائخ کو اکٹھا کریں گے۔

## رات کی تاریکی میں بھارتی حملہ بزدلانہ اقدام، صوبائی خطیب

**پاکستانی قوم متحد اور ایک صف میں ہے، مولانا انوار الحق کا جامع مسجد میں خطاب، ملکی سلامتی کیلئے دعا**

کوئٹہ (پ ر) صوبائی خطیب بلوچستان مولانا انوار الحق حقانی نے مرکزی جامع مسجد کوئٹہ میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ رات کی تاریکی میں بھارت کی طرف سے پاکستان پر حملہ شرمناک اور بزدلانہ اقدام ہے، بھارت نے جنگی حملوں میں زیادہ تر مساجد ومدارس کو نشانہ بنایا جس میں خواتین بچے سمیت کئی شہری شہید ہوئے۔ افواج پاکستان نے بروقت منہ توڑ جواب دیا اور دشمن کو نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم وطن عزیز کے دفاع کے لئے متحد اور ایک صف میں کھڑی ہے، پاکستان کا دفاع حفاظت اور سلامتی ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ مولانا حقانی نے کہا کہ اس نازک موقع پر تمام تر فرقہ وارانہ مسلکی مذہبی سیاسی لسانی اور علاقائی اختلافات کو بالائے طاق رکھا جائے اور پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر افواج پاکستان کی پشت پر کھڑی ہوکر بیرونی دشمن کے مقابلے میں گھر کے اندر کے اختلافات کو بھلادے، پاکستان مسلمانوں کا وطن ہے ہمارا جینا مرنا اسی وطن کی مٹی سے وابستہ ہے۔ اس موقع پر ہزاروں نمازیوں نے وطن عزیز کے دفاع کا عہد اور ملکی سلامتی کے لئے دعائیں مانگیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 10 MAY 2025 Page No. 18

## بلوچستان کے نوجوان مواقع نہ ملنے پر پیچھے رہ گئے، نواب زہری

### سابق قومی کرکٹرز سے گفتگو، مقامی کھلاڑیوں کی رہنمائی کیلئے صوبے کے دورہ کی دعوت بھی دی

کوئٹہ (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنماء نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ موجود ہے بدقسمتی سے مواقع میسر نہ ہونے کے باعث بلوچستان کے ہونہار نوجوان پیچھے رہ گئے ہیں ملک کے نامور قومی کھلاڑیوں کو بلوچستان میں کرکٹ کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں سابق کرکٹرز انضمام الحق، معین خان اور ثقلین مشتاق سے گفتگو کرتے ہوئے کہی سابق قومی کھلاڑیوں نے سابق وزیراعلیٰ اور اور مشیر برائے بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری ملاقات کی جس میں بلوچستان میں کرکٹ کی ترقی، نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی اور انفراسٹرکچر کی بہتری پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، میر عبدالنبی زہری، خان محمد زہری، عبدالخالق زہری بھی موجود تھے سابق وزیراعلیٰ نے سابق کرکٹرز کو بلوچستان کے دورے کی دعوت دی کہ وہ مقامی کھلاڑیوں کی رہنمائی کریں جس پر انہوں نے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

MASHRIQ QUETTA

# بلوچستان سمیت ملک بھر میں بھارتی جارحیت، پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلیاں

### چمن میں ہندو برادری نے ریلی نکال کر قومی اتحاد و یکجہتی کی مثال قائم کردی، پاکستان، پاک فوج زندہ باد کے نعرے

### پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ، ہر محاذ پر دفاع وطن کا حق ادا کریں گے، شہریوں کا دشمن کو دوٹوک پیغام

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) بلوچستان سمیت ملک بھر میں بھارتی جارحیت، پاک فوج سے اظہار یکجہتی کیلئے ریلیاں نکالی گئیں، تفصیلات کے مطابق بھارتی جارحیت کیخلاف پاکستان کے چاروں صوبوں میں عوام سڑکوں پر نکل آئے، پاک فوج سے اظہار یکجہتی ......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کیلئے ریلیاں نکالی گئیں، شہریوں نے فلک شگاف نعرے لگا کر دشمن کو دوٹوک پیغام دیا پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، عوام نے ہاتھوں میں بینرز، پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر پاکستان زندہ باد، پاک فوج زندہ باد اور بزدل دشمن مردہ باد جیسے نعرے درج تھے، مظاہرین نے بھارتی اشتعال انگیزیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے پاک فوج کو دندان شکن جواب دینے پر خراج تحسین پیش کیا

## نوجوانوں کو مایوس نہیں ہونے دیں گے، نوابزادہ جمال رئیسانی

### پی پی پی تعلیم، صحت، روزگار سمیت ہر مسئلہ حل کرنے کیلئے پرعزم ہے، نوجوانوں سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ نوجوان بلوچستان اور پاکستان کا سرمایہ ہیں، بلوچستان کے عوام خصوصاً نوجوانوں کو مایوس نہیں ہونے دینگے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سراوان ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ہاؤس کوئٹہ میں نوجوانوں کے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی تعلیم، صحت اور روزگار سمیت بلوچستان کا ہر مسئلہ حل کرنے کیلئے پرعزم ہے، اس موقع پر نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے نوجوانوں سے متعلق اپنے وژن پر روشنی ڈالی اور نوجوانوں سے باہمی دلچسپی کے امور، حلقے میں ترقیاتی و فلاحی منصوبوں اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا ملاقات میں نوجوانوں نے بلوچستان کے بہتر مستقبل کیلئے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کی قیادت میں جدوجہد تیز کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

CLIPPING

امن وامان


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 10 MAY 2025 Page No. 19


## ژوب : غیرت کے نام پر میاں بیوی قتل، ملزمان فرار

آپس میں کزن تھے، دوماہ قبل پسند کی شادی کی تھی، مقتولہ کے بھائی اور مقتول کے چچا کیخلاف مقدمہ درج

ژوب (نامہ نگار) غیرت کے نام پر میاں بیوی قتل ملزمان فرار ہو گئے۔ مقتولہ کے بھائی اور مقتول کے چچا کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا پولیس ذرائع کے مطابق دریائے ژوب کے علاقے میں نوجوان شاہ برات عمر تقریباً 19 سال اور اسکی بیوی مسماۃ (س) عمر تقریباً 16 سال کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا جن کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کرنے کے بعد مقتول کے والد کے حوالے کر دی اس سلسلے میں رابطہ کرنے پر ایس ایچ او شیخ محمد ایوب مندوخیل نے بتایا کہ قتل ہونے والے میاں بیوی آپس میں چچا زاد بہن بھائی اور خانہ بدوش تھے ابتدائی معلومات کے مطابق دونوں نے اپنی مرضی سے دو مہینے قبل پسند کی شادی کی تھی مقتول کے والد محمد شاہ نے کسی قسم کی قانونی کارروائی نہ کرنے کا بتایا مقتولہ کی کوئی وارث موجود نہ ہونے پر پولیس کی مدعیت میں مقتولہ کے بھائی طور اور مقتول کے چچا مقام شاہ اقوام سلیمان خیل ساکنان گل کچ کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا تاہم ابھی تک کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی ہے۔

## بیلہ :اوتھل میں مسلح افراد کی فائرنگ، 3افراد ہلاک، 1شدید زخمی

مسلح نقاب پوشوں نے حجام کی دو دکانوں پر فائرنگ کی، مرنے والوں میں دو کا تعلق پنجاب اور ایک کا کوئٹہ سے تھا

بیلہ (نامہ نگار) ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں جمعہ کو ہاسپٹل روڈ پر موٹر سائیکل پر سوار دو مسلح نقاب پوشوں نے حجام کی دو دکانوں پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہو گیا ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے جاں بحق افراد کی شناخت اسحاق، اصغر اور سمیر پٹھان کے نام سے ہوئی ہے جن میں بالترتیب دو کا تعلق صوبہ پنجاب جبکہ ایک کا کوئٹہ سے بتایا جاتا ہے شدید زخمی عابد حجام کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کیلئے کراچی ریفر کر دیا گیا ہے واقعے کی اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں اور زخمی کو ہاسپٹل منتقل کیا اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے ایس ایس پی عاطف امیر نے جنگ کو [illegible] ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی [illegible] دی گئی ہے جو جلد قانون کی گرفت [illegible]

## پنجگور : مسلح افراد کا پولیس تھانہ وشبود پر حملہ، دو سرکاری گاڑیاں نذر آتش

پنجگور کے مختلف علاقوں میں فائرنگ اور دھماکوں کی آوازیں، کسی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے مختلف مقامات پر مسلح افراد کا گشت اور چیکنگ پولیس تھانہ وشبود پر حملہ دو سرکاری گاڑیاں نذر آتش کر دیں اور دیگر اشیا سمیت پولیس تھانہ وشبود کو شدید نقصان پہنچایا۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے بونستان میں بھی گشت کیا اور چیکنگ کی اس دوران پنجگور کے مختلف علاقوں میں دھماکے اور فائرنگ کی آوازیں سنائی دی گئیں مگر جگہ کا تعین اور نقصانات کی اطلاع نہیں ملی ہے رات ہونے اور کشیدہ صورتحال کے باعث مزید معلومات حاصل کرنے میں دشواری کا سامنا ہے پنجگور میں نیٹ کی سہولت بند ہونے سے معلومات حاصل کرنا مشکل ہو گیا ہے۔

## پنجگور: بارڈر جانیوالے شخص کی لاش برآمد

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے قریب ضلع واشک کی حدود بالی سوراپ لاش برآمد ہوئی ہے جس کی شناخت سمیر ولد بیزل ساکن تپ پنجگور کے نام سے ہوئی جسے گولی مار کر قتل کیا گیا ہے خاندانی ذرائع کے مطابق سمیر بارڈر پر کسی کام کے سلسلے میں گیا تھا واضح رہے کہ پنجگور میں ایک ہفتے کے دوران اب تک 4 لاشیں مل چکی ہیں۔

## چکی شاہوانی کے قریب معمولی تکرار پر فائرنگ، دو افراد ہلاک

پیدل جانے والے نوجوان سے موٹر سائیکل ٹکرا جانے کے بعد تلخ کلامی تصادم کا سبب بنی، لاشیں ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ چکی شاہوانی کے قریب معمولی تکرار پر فائرنگ دو افراد جاں بحق ہو گئے پولیس کے مطابق پشتون آباد کا رہائشی عبدالرزاق ولد عبدالوحید گزشتہ روز گھر سے اپنے چار سالہ بیٹے کے ہمراہ موٹر سائیکل پر بازار جا رہا تھا وہ جیسے ہی سریاب کے علاقے چکی شاہوانی کے قریب پہنچا تو اس کی موٹر سائیکل پیدل جانے والے نوجوان مہر اللہ ولد رحمت اللہ سے ٹکرا گئی جس پر دونوں میں تلخ کلامی ہوئی اسی دوران ہجوم جمع ہو گیا اور عبدالرزاق سے ہاتھا پائی کی جس پر عبدالرزاق سے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں مہر اللہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا پولیس نے بتایا کہ ہجوم میں موجود افراد نے عبدالرزاق سے پسٹل چھین کر اس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں وہ بھی موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں۔ بیچی بیگ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔

MASHRIQ QUETTA

## سوراب، بنگو میں قبائلی رہنماء کی گاڑی پر فائرنگ' 5 افراد شدید زخمی

پولیس نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا

سوراب (آن لائن) سوراب کے علاقے بنگو میں قبائلی رہنماء کی گاڑی پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں نائب رحیم بخش سمیت پانچ افراد شدید زخمی ہو گئے پولیس ذرائع کے مطابق زخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کیلئے قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا تاحال حملہ آوروں کی شناخت ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

یا گرفتاری کے حوالے سے کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

INTEKHAB QUETTA

## قلات، تین گینگ کے سرغنہ سمیت متعدد ملزمان گرفتار

ملزمان میں چند لوگوں سے فون کال پر بھتہ بھی وصول کرتے تھے، پولیس

قلات (نمائندہ انتخاب) پولیس کی بڑی کارروائی بھتہ خوری سمیت چابی چور کے تین گینگ کے سرغنہ سمیت ملوث ملزمان گرفتار کر لیا، گینگ میں ملوث ملزمان کے دیگر ساتھیوں کو بھی جلد گرفتار کرینگے لوگوں سے فون کال پر بھتہ وصول کیا کرتے تھے اور بھتہ نہ ملنے پر مختلف تنظیموں کے نام سے جان سے مارنے کی دھمکی دیتے تھے، ایس پی شہزادہ اکبر کا ایس پی آفس قلات میں پریس کانفرنس، اس موقع پر ڈی ایس پی منظور احمد مینگل ایس ایچ او حبیب اللہ نیچاری ایڈیشنل ایس ایچ او میر نذیر احمد عمرانی وہاب زہری حاجی نسیم بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

شاہوانی و دیگر بھی موجود تھے ایس پی شہزادہ اکبر نے کہا کہ ملزمان نے ماسٹر چابیاں بھی بنا رکھے تھے جس سے رات کے اوقات دکانوں کے تالے کھولتے تھے جبکہ شہریوں کی شکایت پر پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن ریسورس کے ذریعے ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے جبکہ مذکورہ ملزم کے دیگر ساتھی بھی جلد پولیس کی گرفت میں ہو نگے ملزمان سے تفتیش شروع کر دی گئی ہیں اور اہم انکشافات کی توقع ہے انہوں نے کہا کہ اس سے قبل مختلف تنظیموں کے نام پر زمیندار طبقے اور ہندو و دیگر تاجر برادری کو موبائل فون پر دھمکی دیگر ان سے پیسے طلب کرتے اس گروہ کے سرغنہ سمیت دیگر تمام ملزمان کو گرفتار کر لیا ہے اب دوبارہ یہ گروہ سرگرم ہو چکا ہے جسے ایک ہی دن میں پولیس سی آئی اے و دیگر پولیس ٹیم نے کارروائی کر کے سرغنہ کو گرفتار کر لیا۔

## ڈھاڈر، مسلح افراد کی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر میں لوٹ مار

بولان (این این آئی) ڈھاڈر میں نامعلوم مسلح افراد بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر میں گھس کر وہاں موجود افراد سے نقدی، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جمعہ کو دوپہر بارہ بجے کے قریب 16 نامعلوم مسلح افراد بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ڈھاڈر کے دفتر میں داخل ہوئے اور وہاں موجود سٹاف کو یرغمال بنا کر ان سے موبائل فون، نقدی بقیہ نمبر 31 صفحہ 5 پر

اور دیگر قیمتی اشیاء چھین کر فرار ہو گئے۔ مقامی انتظامیہ مزید کارروائی کر رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

اداریے

تعلقات عامہ

عوامی مسائل

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 10 MAY 2025 Page No. 20

# گھی، بجلی، گیس، روٹی کی قیمتوں میں کمی کے باوجود ریسٹورنٹ مالکان کی لوٹ مار جاری، شہری

## چائے 80 سے 100 روپے کپ، پراٹہ 50 سے 60 روپے میں بیچا جارہا ہے، ضلعی انتظامیہ ایکشن لے

### پتی اور گھی بھی غیر معیاری استعمال کیا جاتا ہے، ناجائز منافع خوروں خلاف کارائی کی جائے، شہریوں کی مشرق سے گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ میں ریسٹورنٹ مالکان نے گاہکوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کردیا گھی، بجلی، گیس اور دودھ کی قیمتوں میں کمی ہونے کے باوجود پراٹے، اور سالن کی فی پلیٹ کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، چائے کا کپ 70 سے 80 روپے میں پراٹہ 50 سے 60 روپے میں بیچا جانے لگا، جبکہ پتی اور گھی بھی غیر معیاری استعمال کیا جاتا ہے، مشرق سروے ٹیم نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کا تفصیلی سروے کیا ہر شہری سے جب ہوٹل مالکان اور ریسٹورنٹ کے متعلق معلومات حاصل کیں جس پر طالب علم ارسلان خان کاکڑ، نقیب اللہ مسے زئی، عطاء اللہ کاکڑ، خیر اللہ ہوتک، عنایت اللہ کاکڑ اور دیگر متعدد شہریوں نے بتایا ہے کہ یوں تو آٹا، گھی اور دیگر اشیاء خوردنوش کی قیمتیں کم ہوئی ہیں لیکن ہوٹل اور ریسٹورنٹ مالکان نے سالن، چائے، دودھ اور دیگر اشیاء خوردنوش کی کسی بھی چیز کی نہ قیمت کم کی گئی اور نہ ہی پلیٹ میں سالن میں اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقت اور ڈپٹی کمشنر سعد بن اسد کے تندور مالکان کیخلاف آپریشن کو سراہتے ہوئے بتایا ہے کہ اس وقت تندوری روٹی کی قیمت کم ہوئی ہے جس سے عوام کو ریلیف ملا ہے اسی طرح ہوٹل اور ریسٹورنٹ مالکان کیخلاف بھی چھاپے مارے جائے معیار اور صفائی کا بھی خیال رکھنے کیساتھ ساتھ نرخنامے کا پابند کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ پوری دنیا میں جب اشیاء خوردنوش سستی یا مہنگے ہوتے ہیں تو پرائس کنٹرول کمیٹیاں فعال ہوکر اپنی ذمہ داریاں نبھانا شروع کردیتی ہے متعلقہ عوام کو مہنگائی سے چھٹکارا دلائی جاتی ہے لیکن یہاں ایسا ماحول بنا ہوا ہے کہ جو چیز مہنگا ہوگیا ہے وہ پھر سستا نہیں ہوتا ہے کرونا وائس کے دوران آٹا، گھی اور دیگر اشیاء کی قیمتیں آسمانوں سے باتیں کرنے لگیں موجودہ حکومت کی سنجیدہ کوششوں نے ان تمام تر اشیاء کی قیمتیں کم کرنا شروع کردیئے لیکن بعض مافیاز کو وہی مہنگا نرخ پسند ہے سستا نہیں کیا جارہا ہے۔ جس پر کوئٹہ کے عوام کا بھی ردعمل سامنے آیا ہے اور اس پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سمیت متعلقہ تمام انتظامیہ سے کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔



CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC

تعلقات عامہ

اداریے،مضامین

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 10 MAY 2025 Page No. 21

# Modifying in agri-sector

Balochistan is blessed with four seasons, fertile land, sweet water, better breeds of livestock, lots of resources in marine as well as inland fisheries and manpower required for better production in every subsector, like agriculture crops, livestock, fisheries, forestry, alternative energy and better climate. Sadly, despite these blessings, the production per acre, per unit and per animal is too low to meet the dietary needs of the country. Consequently, the country is spending huge amounts of foreign exchange to import food items, which is overburdening its economy. There is lack of ownership of the sector and lack of policy to create production zones. Unfortunately, in Pakistan there we have non-execution of production policies, although many policy documents prepared by foreign and local experts are available with all the subsectors. There is a lack of research and development to increase production per unit in all subsectors. There is reduced provision of facilities to improve the fertility of lands, while there is insufficient plantation of trees and forests and meagre facilities for the production of high quality seeds. Even the ordinary seeds for major crops like wheat, rice, cotton and edible oil are not available. There is hardly any planning for culturing practices in the marine sector, though here is a lot of potential for fisheries and shrimps. Uncontrolled capturing practices render the potential of fisheries to risk. Similarly there is lack of planning and services for the development of semi-arid and arid regions for livestock development, saline and drought-resistant fodder, and tree plantation for increasing production of meat, wool, skin and hides. There is hardly any policy of awarding best farmers and technical officers of the sectors at the national level. There is lack of planning to charge the utilities of all the subsectors equally as per the agricultural rates. There are no incentives and subsidies to look after elite dams, and rearing and fattening of calves. There are no efforts to change livestock selling systems at markets from per animal to weight basis so that the farmers are forced to fatten their male animals to increase their weight before sale. The lack of water for land cultivation and other purposes, inefficient plant protection and disease investigation services, and costly disease control measures are also contributing to low production. Therefore, it is essential that the government should constitute committees comprising experienced individuals for proper planning in critical areas across all the subsectors of agriculture. This is one of the critical ways to improve the country`s economy.

**CLIPPING SERVICE**


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 10 MAY 2025 Page No.

Bullet No.



F6

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.________ Dated: 10 MAY 2025 Page No.________

# بلوچستان میں تعلیمی اصلاحات

امتحانات میں نقل کے خلاف جنگ اور روشن مستقبل کیلئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات کرنے کا عزم بلوچستان جو کئی دہائیوں سے تعلیمی پسماندگی، سہولیات کی کمی اور ناقص انتظامی ڈھانچے کا شکار رہا ہے، اب مثبت تبدیلی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی بقاء اور خوشحالی کی بنیاد ہے اور خوش آئند امر یہ ہے کہ بلوچستان

## تحریر:۔ نیک محمد

حکومت نے نوجوان نسل کی تعمیر و ترقی کو اپنی ترجیحات میں شامل کرلیا ہے یہ اقدامات نہ صرف قابل تحسین ہیں بلکہ ایک روشن مستقبل کی نوید بھی ہیں صوبائی حکومت نے تعلیمی میدان میں جامع پالیسیوں کے ذریعے نوجوانوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں باہنر، بااعتماد اور خودکفیل بنانے کی ٹھوس کوششیں جاری ہیں مثال کے طور پر فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے مراکز کا قیام، جدید نصاب کا نفاذ، اور بیرونِ ممالک میں روزگار کے مواقع کی فراہمی ان کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں ان تمام اقدامات کا ہدف صرف علم کی فراہمی نہیں بلکہ نوجوانوں کو معاشرتی اور معاشی ترقی کے قابل بنانا بھی ہے حکومت کی ایک بڑی کامیابی امتحانی نظام میں شفافیت اور نقل کے خاتمے کے لیے کیے گئے مؤثر اقدامات ہیں۔ نقل ایک ایسا ناسور تھا جو بلوچستان کے تعلیمی ڈھانچے کو سالہا سال سے کھوکھلا کر رہا تھا وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان و وزیر ایجوکیشن کی قیادت میں اب ان رویوں کے خلاف سنجیدہ اصلاحات کی جا رہی ہیں تاکہ محنت، لگن اور قابلیت کو اصل معیار بنایا جا سکے اس سلسلے میں صوبے بھر میں نقل جیسے ناسور سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے صوبائی حکومت کے احکامات کی روشنی میں نصیرآباد ڈویژن میں بھی کمشنر نصیرآباد ڈویژن معین الرحمن خان کی قیادت میں جو حکمتِ عملی اپنائی گئی، وہ ایک مثالی ماڈل بن چکی ہے۔ مختلف اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، جیسے کہ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ، ڈپٹی کمشنر کچھی جہانزیب بلوچ، ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد ارشد حسین جمالی اور ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے نہ صرف خود امتحانی مراکز پر سرپرائز دورے شروع کیے اور نقل کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی کا نظام قائم کیا بلکہ اسسٹنٹ کمشنر، تحصیلداران پر بھی ذمہ داری عائد کی گئی کہ وہ بھی امتحانی عمل کا باریک بینی سے جائزہ لیتے رہیں یہ بات تو طے ہے کہ ان اقدامات سے نقل کی شرح میں نمایاں کمی آئی اور طلبہ میں محنت کی اہمیت اُجاگر ہوئی مگر یہ بھی ضروری ہے کہ نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے تاکہ طلبہ کو نقل کی ضرورت ہی محسوس نہ ہو ایسا نصاب ترتیب دیا جائے جو تخلیقی صلاحیت، تنقیدی سوچ اور خود انحصاری کو فروغ دے ساتھ ہی امتحانی نظام کو اس طرح بہتر بنایا جائے کہ ذہانت، فہم اور محنت کرنے والے طلبہ کی بھرپور حوصلہ افزائی ہو اور نقل کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ آخر میں، یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر یہی عزم، سنجیدگی اور اصلاحاتی اقدامات اسی تسلسل سے جاری رہے تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان نہ صرف تعلیمی بلکہ سماجی، معاشی اور سائنسی ترقی میں بھی دیگر صوبوں کے ہم پلہ بلکہ ان سے آگے نکل سکتا ہے یہ صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں بلکہ والدین، اساتذہ، طلبہ اور انتظامیہ سب کو مل کر اس جدوجہد کا حصہ بننا ہوگا۔ یہی اشتراک بلوچستان کو تعلیمی روشنی کی جانب لے جا سکتا ہے یہ کہنا مناسب ہوگا کہ نصیرآباد ڈویژن میں کمشنر معین الرحمن خان کی قیادت میں جو حکمتِ عملی اپنائی گئی، وہ ایک مثالی ماڈل بن چکی ہے اس ڈویژن کے تحت آنے والے اضلاع نصیرآباد، کچھی، صحبت پور، جھل مگسی، اوستہ محمد اور جعفرآباد میں ڈپٹی کمشنرز نے تعلیمی نظام میں بہتری لانے کے لیے کلیدی کردار ادا کیا ہے ان افسران نے نہ صرف امتحانی مراکز پر سرپرائز دورے کیے بلکہ ایک مربوط اور سخت نگرانی کا نظام بھی متعارف کروایا جس سے امتحانات کی شفافیت میں نمایاں بہتری آئی ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنر نے اپنے اپنے دائرہ اختیار میں نہایت جانفشانی اور ایمانداری سے کام لیتے ہوئے نقل کے خلاف جنگ میں مؤثر کردار ادا کیا، جس کے نتیجے میں طلبہ میں محنت کی اہمیت اُجاگر ہوئی اور تعلیمی ماحول میں بہتری دیکھنے کو ملی اگر یہی سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری رہا تو یقیناً ہم نقل کے خلاف کامیابی حاصل کر سکتے ہیں اور اپنے بچوں کو اپنی ذہنی صلاحیتوں کو استعمال کرنے میں راغب کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. ________ Dated: 10 MAY 2025 Page No. ________



باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت مسلسل اشاعت کے 80 سال بلوچستان کا قد...

روزنامہ زمانہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر ...

ہفتہ 10 مئی 2025ء 12 ذیقعد 1446ھ | جلد 80 | صفحات 6


## بھارت کے جنگی جنون سے خطے کے امن کو خطرہ...

بھارت نے تحقیقات کی پیشکش نہ مان کر جارحیت اختیار کی، جوابی کارروائی...

پاکستان زرعی ملک ہے بھارتی فیصلے کے اثرات کل کروڑوں لو...

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا ہے کہ بھارت کی جارحیت نے دو ایٹمی قوتوں کو جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا ہے، بھارتی جنگی جنون پر دنیا کو تشویش ہونی چاہیے، بھارتی میڈیا منصوبہ بندی کے تحت خطے کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے، پاکستان اقوام متحدہ کے ...

## بھارتی جارحیت کا...

## بھارت کے مزید درجنوں ڈرونز چیک پوسٹیں تباہ

بھارت نے چھ ڈرون سے ننکانہ صاحب میں سکھوں کی عبادت گاہ کو نشانہ بنانے کی کوشش کی

... بھارتی فوج نے سویلین آبادی پر گولہ باری شروع کردی

## کھلی کچہریو...




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کے دور حکمرانی میں صوبے بھر کی عوام کے لئے یکسانیت کی بنیاد پر ترقیاتی عمل جاری ہیں کئی پروجیکٹ مکمل ہوچکے ہیں جن کی تکمیل سے عوام کی زندگی میں مزید آسانیاں وقوع پزیر ہوئی ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی نگرانی میں تمام صوبائی وزراء مشیر، پارلیمانی سیکریٹریز خود ان ترقیاتی امور کا جائزہ لیتے رہے ہیں جوکہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ عوام کی خدمت میں حاکم جڑے ہوئے ہیں صوبے بھر میں تعلیم، صحت، آبنوشی، زراعت کا فروغ، بیروزگاری کا خاتمہ جیسے دیگر امور جوکہ مفاد عامہ میں ان کے لئے موجودہ حکومت ٹھوس بنیادوں پر کام کرکے اپنا فریضہ مثبت انداز میں سرانجام دے رہی ہے اگر بات کی جائے نصیرآباد ڈویژن کی تو یہاں پر اکثریت لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت اور گلہ بانی سے وابستہ ہے جسے مدنظر رکھ کر صوبائی حکومت زراعت کے فروغ کیلئے کینال سسٹم کی بہتری کیلئے غیر معمولی اقدامات کررہی ہے تاکہ یہاں کے باشندے زرعی اقدامات سے مستفید ہوسکیں اور انہیں کاشتکاری کے حوالے سے کسی بھی مشکلات سے دوچار نہ ہونا پڑے اس کے ساتھ ساتھ گلہ بانی کے شعبے میں بھی بہتر اقدامات کئے جارہے ہیں مگر ضروری ہے کہ حکومت مفاد عامہ میں جو خطیر رقم خرچ کرکے اقدامات رہی ہے کیا ان سے عام آدمی مستفید بھی ہورہا ہے یا نہیں ان کی جانچ پڑتال کے مختلف طریقے ہیں جن سے حکومت معلومات حاصل کرکے ان تمام عوامل کا بغور مشاہدہ کرتی رہتی ہے اور جو نقائص سامنے آتے ہیں ان کے فوری ازالے کے لئے متعلقہ محکمے کو سختی کے ساتھ احکامات دیئے جاتے ہیں تاکہ عوام حکومت کے ہر اس عمل سے مستفید ہو جس کیلئے حکمران سرگرداں ہیں اسی حوالے سے تمام محکموں میں عوامی مسائل کے متعلق معلومات حاصل کرنے کیلئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی میں صوبے بھر میں ڈپٹی کمشنرز کی نگرانی میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کروایا جاتا ہے تاکہ لوگوں کے جو مسائل ہیں وہ کھل کر سامنے آئیں کھلی کچہری ایک ایسا عوامی فورم ہوتا ہے جہاں عوام کو سرکاری افسران یا حکام کے سامنے اپنے مسائل، شکایات، یا تجاویز براہ راست پیش کرنے کا موقع دیا جاتا ہے یہ نظام شفافیت، احتساب اور عوامی خدمت کے فروغ کے لیے تشکیل دیا گیا ہے کھلی کچہری منعقد کرنے کے مقاصد بھی یہی ہیں کہ عوامی شکایات کا فوری ازالہ ہو کھلی کچہری میں عوام اپنی شکایات مثلاً زمین کے تنازعات، پولیس کی زیادتی، سرکاری دفاتر میں بدعنوانی یا سستی کارکردگی، صحت، تعلیم یا صفائی کے مسائل براہ راست متعلقہ افسران کے سامنے رکھتے ہیں اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ شکایات کا بروقت ازالہ کیا جائے، یہ فورم عوام کو سرکاری امور میں براہ راست شرکت کا موقع دیتا ہے، جس سے شفافیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس سے سرکاری افسران کو بھی اندازہ ہوتا ہے کہ زمینی سطح پر کیا مسائل ہیں اسی حوالے سے ضلع جعفرآباد میں بھی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے احکامات کی روشنی اور



کمشنر نصیرآباد ڈویژن معین الرحمان خان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کی نگرانی میں کھلی کچہری منعقد کی گئی جس میں ایف سی کے کرنل رضوان طیب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خلیل احمد چیف آفیسر احمد نواز بگٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز حسین جمالی ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ محمد کاظم لونی ایگزیکٹو انجینئر کیسکو محمد وریام کھوسہ سمیت دیگر ضلعی آفیسران سیاسی و سماجی شخصیات علماء کرام سائلین اور سینئر صحافی سمیت دیگر شعبوں سے منسلک افراد کثیر تعداد میں موجود تھے کھلی کچہری میں سائلین نے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کو زبانی اور تحریری طور پر درخواستیں پیش کیں کھلی کچہری میں شرکاء نے ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال ذرعی اراضی۔ تعلیم صحت آبنوشی ترقیاتی منصوبوں کی صحیح معنوں میں عدم تکمیل شناختی کارڈ کے اجراء میں درپیش مسائل سمیت دیگر مسائل کے متعلق آگاہی فراہم کی گئی ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد نے تمام ضلعی آفیسران کی موجودگی میں لاؤڈ اسپیکر پر فردا فردا تمام سائلین سے ان کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کی جن جن مسائل کے متعلق نشاندہی کی گئی ہے اس مسائل کے فوری حل کیلئے ڈپٹی کمشنر جعفرآباد اظہر شہزاد کی جانب سے اس بات کی یقین دہانی کروائی گئی کہ ان مسائل کو حل کرکے ہی ضلعی انتظامیہ دم لے گی کھلی کچہری میں احکامات صادر کیے گئے کہ امن وامان کے حوالے سے پولیس اپنا کردار ادا کررہی ہے حال ہی میں ایک بڑے گینگ کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی جبکہ منشیات اور فحاشی کے روک تھام کے لیے ڈپٹی کمشنر نے فوری احکامات دیئے کہ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر لوگوں کی شکایات حل کرکے رپورٹ مجھے پیش کی جائے کھلی کچہری میں بند سکولوں کے متعلق نشاندہی کی گئی ہے محکمہ ایجوکیشن کے آفیسر کی جانب سے وضاحت کی گئی کہ موجودہ حکومت کی جانب سے نئے اساتذہ کی تعیناتی کے بعد جن بند سکولوں کی نشاندہی کی گئی ہے یہ اسکول مکمل طور پر فعال ہوجائیں گے حال ہی میں بھرتی ہونے والے اساتذہ کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں قوی امید ہے کہ نئے تعینات ہونے والے اساتذہ ضلع بھر سے جہالت کی تاریکی کی خاتمے کے لیے بھرپور انداز میں کام کریں گے کھلی کچہری میں آبنوشی کی لائنوں میں گندہ پانی آنے کی شکایت کی گئی تو ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جعفرآباد محمد کاظم لونی نے بتایا کہ ڈیرہ اللہ یار میں کئی علاقوں میں پرانی پائپ لائنیں بچھی ہوئی ہیں جن

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 10 MAY 2025 Page No.




سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء عبدالرحمٰن کھیتران، نور محمد دمڑ، بخت محمد کاکڑ و دیگر اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں



کوئٹہ، محکمہ بہبود آبادی کے زیر اہتمام پارلیمانی سیکرٹری بہبود آبادی حادیہ نواز بہرانی، محمد عظیم کاکڑ، عامر بہرانی و دیگر کی عارضی آسامیوں کے آرڈز تقسیم کر رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی سے سیکرٹری مائنز اینڈ منرل ڈویلپمنٹ / ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں